Email:dailyjahaneimrozqta@gmail.com

بے باک صحافت کا ترجمان

ABC CERTIFIED

روزنامہ جہانِ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: فیض اللہ درانی

ایڈیٹر: نیاز محمد بڑیچ

Email Adress:Jahan-e-Imroz9996gmail.com 0812875684

جلد نمبر 20 | بروز جمعہ 24 اپریل 2026ء 1447ھجری | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 34

وزیراعظم سے چین کے سفیر کی ملاقات، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

شہباز شریف کا چین کے ساتھ پاکستان کی تزویراتی شراکت داری کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے کی خواہش کا اعادہ

پاکستان کو چین کے ساتھ سٹریٹجک شراکت داری پر فخر ہے، وزیر اعظم کی چین کے سفیر جیانگ زائیڈونگ سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے چین کے ساتھ پاکستان کی تزویراتی شراکت داری کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے کی خواہش کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس شراکت داری پر فخر کرتا ہے۔ وہ عوامی جمہوریہ چین کے سفیر جیانگ زائیڈونگ سے گفتگو کرر ہے تھے جنہوں نے جمعرات کو یہاں وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

انتہا پسندانہ بیانیوں کی حوصلہ شکنی کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، وزیراعلیٰ

یہ سینٹر تحقیق کے ذریعے نوجوانوں کو درپیش مسائل کو اجاگر کرے گا اور ان کے حل کے لیے ٹھوس بنیاد فراہم کرے گا نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

پرتشدد سوچ اور انتہا پسندانہ بیانیوں کی حوصلہ شکنی کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، نوجوانوں کو تصور اور حقائق میں فرق سمجھنے کے لیے عملی تحقیق کو اپنانا ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا نسٹ میں خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے میں معاشرتی سطح پر بڑھتے ہوئے تشدد اور انتہا پسندانہ رجحانات کے مؤثر تدارک کے لیے ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے بلوچستان کے پہلے ریسرچ سینٹر، بلوچستان سینٹر

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کوئٹہ کیمپس میں طلبہ سے خطاب کر رہے ہیں

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد مودی کی مسلمانوں پر ظلم و بربریت کی انتہا

پہلگام فالس فلیگ کی آڑ میں بھارت میں مسلمانوں کیخلاف انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں مسلسل جاری ہیں، رپورٹ

سری نگر (این این آئی) پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد مودی نے بھارتی مسلمانوں پر ظلم و بربریت کی انتہا کر دی۔ مودی راج میں فرقہ وارانہ فسادات نے بھارت کو اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں کیلئے غیر محفوظ ملک ثابت کر دیا۔ ایک رپورٹ کے مطابق پہلگام فالس فلیگ کی آڑ میں بھارت میں مسلمانوں کیخلاف انسانی حقوق کی سنگین خلاف

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم کتب منایا گیا

کتاب انسان کی بہترین دوست، ہر دور میں رہنمائی کرتی ہے، صدر، وزیراعظم

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر کے سو سے زیادہ ممالک میں جمعرات کو عالمی یوم کتب منایا گیا۔ عالمی یوم کتاب ہر سال دنیا بھر میں 23 اپریل کو اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یونیسکو کے تحت منایا جاتا ہے، اس دن کو منانے کی ابتدا 1995ء میں ہوئی، اس کے علاوہ برطانیہ اور امریکا میں کتابوں کا عالمی دن 4 مارچ کو منایا جاتا

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر کا کورنگی فش ہاربر پر فشریز ریسرچ سینٹر کے قیام کا اعلان

ایکوا کلچر مرکز قائم کرنا ہے، جو مضبوط بلیو اکانومی کے ذریعے معاشی ترقی کو تقویت دے گا۔

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے جمعرات کے روز کورنگی فش ہاربر پر فشریز اور ایکوا کلچر ریسرچ سینٹر کے قیام کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد فشریز شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور بلیو اکانومی کو فروغ دینا ہے۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ کورنگی فش ہاربر اتھارٹی میں 10 ایکڑ رقبے پر قائم ہونے والا فشریز و ایکوا کلچر تحقیقی اور تربیتی مرکز فشریز سیکٹر کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا، جو بے پناہ صلاحیت کے باوجود اس وقت مجموعی قومی پیداوار میں 0.5 فیصد سے بھی کم حصہ ڈال رہا ہے۔ انہوں

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ پنجاب نے ”اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم“ پورٹل کا افتتاح کر دیا

پنجاب بھر میں بے زمین دیہاتیوں کو تقریباً 160 ارب روپے مالیت کی زرعی اراضی فراہم کی جائے گی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ”اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم“ پورٹل کا افتتاح کر دیا۔ اس اہم منصوبے کے تحت پنجاب بھر میں بے زمین دیہاتیوں کو تقریباً 160 ارب روپے مالیت کی زرعی اراضی فراہم کی جائے گی، حکومتی حکمتِ عملی کے مطابق اراضی کی نشاندہی پانی کی دستیابی اور زمین کی زرخیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے کی گئی ہے تاکہ کاشتکار بہتر پیداوار حاصل کر سکیں۔ پہلے مرحلے میں پنجاب کے مختلف اضلاع

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان، ڈیڑھ سال قبل 10 کروڑ کا سونا لوٹنے میں ملوث گروہ کا سرغنہ گرفتار

جیولرز کے آرڈرز پر لے کر آرہے تھے کہ اس دوران راستے میں کوچ رکوا کر ڈکیتی کی گئی، پولیس

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ میں 10 کروڑ کا سونا لوٹنے میں ملوث گروہ کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے ڈیڑھ سال قبل پنجاب سے آنے والی کوچ میں دو جیولرز سے سونا لوٹا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ سونا زیورات کوئٹہ کے جیولرز کے آرڈرز پر لے کر آرہے تھے کہ اس دوران راستے میں کوچ رکوا کر ڈکیتی کی گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کے دیگر ساتھیوں کی تلاش بھی جاری ہے۔ صفحہ 3 پر

لاہور، آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنز کے ورکرز احتجاج کے دوران سلاد خرید رہے ہیں

توانائی بحران اور علاقائی کشیدگی کے باعث کاروباری اعتماد میں نمایاں کمی

سروے کے مطابق کاروباری جذبات واضح طور پر منفی زون میں داخل ہو چکے ہیں

کراچی (این این آئی) گیلپ پاکستان کے بزنس کانفیڈنس سروے کے مطابق 2026 کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان کے نجی شعبے کے کاروباری اعتماد میں نمایاں کمی دیکھی گئی ہے جس کی بڑی وجوہات میں توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں اور علاقائی جغرافیائی و سیاسی کشیدگی کے اثرات ہیں۔ گیلپ پاکستان کے 17ویں سہ ماہی بزنس کنفیڈنس سروے کا انعقاد اپریل 2026 میں گیا جو ملک بھر کے 510 کاروباری اداروں کی آراء پر مبنی

بقیہ 29 صفحہ 3 پر

اسمبلی اجلاس اسٹیڈیم میں بلانے کا فیصلہ ناکام ثابت ہوا، مسلم لیگ (ق)

ناکام تجربے نے ثابت کر دیا اسمبلی کا اصل مقام اسمبلی ہال ہے، آئندہ ایسے غیر سنجیدہ فیصلوں سے گریز کیا جائے، مصطفیٰ ملک

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ق) کے مرکزی ترجمان مصطفیٰ ملک، صوبائی صدر انتخاب خان چمکنی نے کہا ہے کہ اسمبلی اجلاس اسٹیڈیم میں بلانے کا فیصلہ ناکام ثابت ہوا، کے پی اسمبلی کا اسٹیڈیم اجلاس جمہوری روایات سے انحراف تھا، اسمبلی جیسے باوقار ادارے کو اسٹیڈیم منتقل کرنا غیر سنجیدہ فیصلہ تھا۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جمہوریت کا مطلب سیاسی شو نہیں، قانون سازی اور عوامی خدمت ہے، اسمبلی اجلاس کو

بقیہ 30 صفحہ 3 پر

گلگت بلتستان انتخابات: ریٹرننگ و میڈیا افسران کی تربیت کا شیڈول جاری

میڈیا و مانیٹرنگ افسران کی تربیت 30 اپریل کو چیف کورٹ رجسٹری اسکردو میں ہوگی

گلگت (این این آئی) الیکشن کمیشن گلگت بلتستان نے انتخابات 2026 کی تیاریوں کے سلسلے میں ریٹرننگ، اسسٹنٹ ریٹرننگ اور میڈیا و مانیٹرنگ افسران کی تربیت کا شیڈول جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن گلگت بلتستان کے ترجمان کے مطابق اسکردو، شگر، کھرمنگ اور گانچھے کے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کا تربیتی پروگرام 28 اپریل کو منعقد ہوگا جبکہ گلگت میں ریٹرننگ اور اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران کا تربیتی پروگرام 29

بقیہ 31 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی بندش کا شیڈول جاری، کیسکو

24 سے 27 اپریل تک مختلف گرڈ اسٹیشنوں کے درجنوں فیڈرز سے برقی فراہمی معطل رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ کے تحت کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں 24 سے 27 اپریل تک بجلی بند رہے گی۔ شیڈول کے مطابق 24 اپریل کو کوئٹہ سٹی گرڈ کے نواں کلی، عالم خان، اولڈ منگلی اور مالک فیڈروں سے صبح 10 تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی۔ 25 اپریل کو شہباز ٹاؤن، جناح ٹاؤن، بروری، دیبہ سمیت شیخ ماندہ گرڈ کے خروٹ آباد اور جبل نور فیڈرز پر مختلف اوقات میں لوڈ شیڈنگ رہے گی۔ اعلامیہ

بقیہ 32 صفحہ 3 پر

امید ہے امریکا ایران سفارتی اور پرامن حل کو موقع دیں گے، محسن نقوی

ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی میں توسیع خوش آئند ہے، یہ قدم کشیدگی میں کمی کی جانب اہم پیش رفت ہے، محسن نقوی

وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر مسئلے کے حل کیلئے ہر سطح پر بھرپور کوششیں کر رہے ہیں، امریکی سفیر نیٹلی بیکر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے اہم ملاقات کی جس میں خطے کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اسلام آباد مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ کے انعقاد کے حوالے سے سفارتی کاوشوں پر بھی بات چیت کی گئی، اس موقع پر تنازعہ کے دیرپا حل کے سفارتی چینلز کے تسلسل کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ وزیر داخلہ

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

پہلگام فالس فلیگ، بھارت ایک سال بعد بھی آئی ایس پی آر کے سوالات کا جواب نہیں دے سکا

پہلگام کا واقعہ بھارتی انٹیلی جنس اور سیکیورٹی اداروں کی ناکامی کی وجہ سے پیش آیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (اے ایف بی) ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر نے پہلگام فالس فلیگ پر ایک خصوصی بریفنگ میں چند سوالات اٹھائے تھے جن کے جواب بھارت سال گزرنے کے بعد بھی نہیں دے سکا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے 30 اپریل 2025 کو بریفنگ کے دوران پہلگام فالس فلیگ سے پردہ

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

پاکستان کا ایل این جی کی اسپاٹ خریداری کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے لیکویفائیڈ نیچرل گیس (ایل این جی) کی اسپاٹ خریداری کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع پاکستان ایل این جی لمیٹڈ کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

محمد شہباز شریف سے پاکستانی خلا بازوں خرم داؤد اور محمد ذیشان علی کی ملاقات

چین کے تعاون سے خلائی تحقیق کا سفر دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات میں نئی جہتوں کا اضافہ کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے خلائی مشن کو پاکستان کیلئے ایک اہم سنگ میل اور پوری قوم کیلئے قابل فخر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ چین کیتعاون سے خلائی تحقیق کا سفر دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات میں نئی جہتوں کا اضافہ کرے گا۔ جمعرات کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار خلائی مشن پر جانے والے پاکستانی خلا بازوں خرم داؤد اور محمد

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

عزمِ وفا کے پیکر سے سرشار جوانوں کے نام شاندار نغمہ "وطن کی خاطر" جاری

راولپنڈی (اے ایف بی) عزمِ وفا کے پیکر اور جذب شہادت سے سرشار جوانوں کے نام شاندار نغمہ "وطن کی خاطر" جاری کر دیا گیا، جس میں عوام کی جانب سے بہادر شہدا کو خراج عقیدت

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

گلگت بلتستان، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی بندرگاہ پر پیٹرولیم مصنوعات کے مزید 2 بحری جہاز پہنچ گئے

کراچی (اے ایف بی) پٹرولیم مصنوعات کے مزید 2 بحری جہاز کراچی بندرگاہ پہنچ گئے، جس سے سپلائی کی صورتحال میں نمایاں بہتری آنے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں توانائی کے حالیہ بحران پر قابو پانے کیلئے حکومتی اقدامات جاری ہیں اور کراچی بندرگاہ پر مال بردار بحری جہازوں کی آمد کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ کے پی ٹی کے آئل ٹرمینلز پر پیٹرولیم مصنوعات کے 2 مزید آئل ٹینکرز پہنچ گئے۔ ایم ٹی لیڈی آف ڈوریا 15

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

مذاکراتی عمل خطے میں امن کے قیام کیلئے معاون ثابت ہوگا، سیدال خان ناصر

خطے اور دنیا کو درپیش موجودہ چیلنجز کے پیش نظر سارک جیسے علاقائی فورمز کو مزید متحرک ہونا ہوگا، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

دنیا اس وقت امن کی متلاشی ہے اور پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت عالمی سطح پر قیامِ امن کے لیے بھرپور کاوشیں کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے سارک کے فعال اور مؤثر کردار کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ سارک کے صدر چندی راج ڈھکل کے اعزاز میں حبا فواد چوہدری کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے جس میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سمیت معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری بیان

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

کتابیں علم، شعور اور تہذیبی ورثے کی امین ہیں، وجیہہ قمر

اساتذہ نے معاشرے میں علم و آگہی کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے عالمی یوم کتب کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کتابیں علم، شعور اور تہذیبی ورثے کی امین ہیں اور کسی بھی قوم کی فکری ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ادبا، مصنفین اور اساتذہ نے معاشرے میں علم و آگہی کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں، جو لائقِ تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

سبی، قومی شاہراہ پر مسلح ڈاکوؤں کی مسافر گاڑیوں سے لوٹ مار، فائرنگ سے کار سوار زخمی

سبی (یو این اے) پنجھی کے علاقے میں قومی شاہراہ پر بدامنی کی لہر برقرار ہے، جہاں پولیس تھانہ بالا ناڑی کی حدود میں مسلح ڈاکوؤں نے مسافر گاڑیوں کو روک کر لوٹ مار کی۔ اس دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک کار سوار شخص

بقیہ 26 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف کے وائس چیئرمین چوہدری اختر میو پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شامل

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین چوہدری اختر میو کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے لاہور کے حلقہ پی پی 154 سے پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین چوہدری اختر میو کی پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور جماعت میں خوش آمدید کہا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) میں عوامی نمائندوں اور مقامی قیادت کی

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

ڈکی، کرائم برانچ اور پولیس کالونی میں مشترکہ چھاپہ، فائرنگ کے تبادلے میں اے ٹی ایف اہلکار زخمی

ڈکی (یو این اے) کرائم برانچ کوئٹہ نے ڈکی پولیس کے ہمراہ لونی کے علاقے تلاو میں اشتہاری ملزم ملک عبدالحئی لونی کے گھر پر بڑا چھاپہ مارا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق چھاپے کے دوران وہاں موجود مسلح افراد اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں اے ٹی ایف

بقیہ 27 صفحہ 3 پر

حکومت عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کر رہی ہے، سید جہانگیر شاہ

بعض اراکین اسمبلی اپنی کرپشن پر پردہ ڈالنے کیلئے میر سرفراز بگٹی کو وزارت اعلیٰ سے ہٹانا چاہتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اسوقت مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مخلوط حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم ہے جو عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کر رہی ہے بعض اراکین اسمبلی اپنی کرپشن پر پردہ ڈالنے کیلئے میر سرفراز بگٹی کو وزارت اعلیٰ سے ہٹانا چاہتے ہیں لیکن وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہونگے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسوقت صوبے کو بہتر انداز میں چلا رہے ہیں اور مسلم لیگ (ن) کی مرکزی حکومت اور وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی مکمل حمایت

بقیہ 25 صفحہ 3 پر

یکم مئی پر ملک گیر تعطیل کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری، شہریوں کو طویل ویک اینڈ میسر آئے گا

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی حکومت نے محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر یکم مئی بروز جمعہ کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا، جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اس اعلان کے تحت سرکاری و نجی دفاتر، تعلیمی

بقیہ 28 صفحہ 3 پر

راولپنڈی، غیر ملکی وفود کی آمد کے پیش نظر بس اڈے بند ہونے کے باعث پیرودھائی بس اسٹینڈ ویرانی کا منظر پیش کر رہا ہے

کاریز کو ضلع کا درجہ دینے کے لیے قائم حکومتی کمیٹی کا اجلاس، سفارشات پر غور

عوام کی سہولت اور انتظامی امور کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے، سفارشات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو

حکومتی کمیٹی تمام انتظامی و جغرافیائی پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہے اور جلد ایک جامع رپورٹ مرتب کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان حکومت کی جانب سے کاریزات کو ضلع کا درجہ دینے کے معاملے پر اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، جس کے لیے قائم حکومتی کمیٹی کا اجلاس صوبائی وزیر داخلہ اور کمیٹی کے چیئرمین میر ضیا اللہ لانگو کی صدارت میں کوئٹہ میں

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

کراچی، مختلف حادثات میں 2 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق

کراچی (اے ایف بی) کراچی میں ٹرک ٹریلر تصادم اور دیگر حادثات کے نتیجے میں 2 خواتین سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ تیز دھار آلے کے وار کے واقعات میں ایک شخص جاں بحق اور دوسرا زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

کراچی، پولیس مقابلوں میں ایک ڈاکو ہلاک، 5 زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد

کراچی (اے ایف بی) کراچی کے مختلف علاقوں فیروز آباد، سپر مارکیٹ، شریف آباد اور مبینہ ٹاؤن میں پولیس نے مبینہ مقابلوں کے دوران ایک ڈاکو کو ہلاک جبکہ 5 کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کر لیا۔ تفصیل کے مطابق فیروز آباد پولیس اور

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

ایچ آئی وی کا پھیلاؤ، استعمال شدہ سرنجز پر عائد پابندی پر عملدرآمد یقینی بنانے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان (ڈریپ) نے دوبارہ استعمال ہونے والی سرنجز پر عائد پابندی پر عملدرآمد یقینی بنانے کا حکم دے دیا۔ وفاقی حکام کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 15 مہینوں میں بچوں میں ایچ

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

حب، دریجی کے قریب تیز رفتار سوزوکی الٹ گئی، ایک شخص جاں بحق اور دو زخمی

حب (یو این اے) لسبیلہ کے علاقے دریجی کے قریب تیز رفتار سوزوکی بے قابو ہو کر الٹ گئی، جس کے نتیجے میں ایک شخص جان کی بازی ہار گیا جبکہ دو افراد شدید زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور زخمیوں کو نکال کر فوری طبی امداد کے لیے سول ہسپتال منتقل کرنا شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

لاہور، جہانگیر خان ترین گورنمنٹ گریجویٹ کالج ماڈل ٹاؤن کے طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

شدید گرمی کی لہریں دنیا کے غذائی نظاموں کے لیے خطرہ بن رہی ہیں، اقوام متحدہ

عالمی حدت میں اضافے کی رفتار تیز، 2025 اب تک کے گرم ترین تین سالوں میں شامل ہو چکا ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) خوراک اور موسمیات سے متعلق اقوام متحدہ کی دو ایجنسیوں کی جانب سے جاری کردہ ایک نئی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ شدید گرمی کی لہریں عالمی زرعی و غذائی نظام کو تباہی کے دہانے پر دھکیل رہی ہیں، جس سے ایک ارب سے زائد افراد کی صحت اور روزگار کو خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔ اقوام متحدہ کے ادارے برائے خوراک و زراعت اور عالمی موسمیاتی تنظیم نے خبردار کیا ہے کہ شدید گرمی کی لہریں اب پہلے سے

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

بیرسٹر عقیل ملک سے اقوام متحدہ کی انسداد تشدد کمیٹی کے اجلاس میں وفد کی ملاقات

ہر قسم کے تشدد کے خاتمے کیلئے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے اقوام متحدہ کی انسدادِ تشدد کمیٹی (CAT) کے 84 ویں اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کی۔ وفد میں سیکرٹری وزارتِ انسانی حقوق جناب عبدالخالق شیخ، ڈائریکٹر جنرل محمد ارشد، ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر محمد عارف، ڈائریکٹر عزیز اقبال اور ڈائریکٹر ذیشان منیر شامل تھے۔ وفد میں ڈائریکٹر جنرل محترمہ ربیعہ ہادی اور انسپکٹر جنرل (جیل خانہ جات) پنجاب،

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

پن بجلی کی پیداوار میں کمی کی بنیادی وجہ صوبوں سے پانی کی طلب میں کمی ہے، ترجمان پاور ڈویژن

عالمی حالات اور پانی کی کم طلب کی بدولت رات کے اوقات میں شارٹ فال کا سامنا ہوتا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پاور ڈویژن نے کہا ہے کہ گزشتہ رات صوبوں کی طرف سے ڈیمانڈ کی بدولت پیک ٹائم میں ڈیموں سے پانی کے اخراج سے 4950 میگاواٹ بجلی پیدا ہوئی، بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے کل رات پیک میں ڈیمانڈ میں اضافے کی بدولت دو سے ڈھائی گھنٹے تک کی لوڈ مینجمنٹ کی۔ بجلی کی صورتحال بارے جاری بیان میں ترجمان نے کہا کہ پن بجلی کی کل استعداد 11500 میگاواٹ ہے، پن بجلی اب بھی اپنی استعداد سے تقریباً 6000 میگاواٹ کم پیدا ہو رہی ہے جس کی بنیادی وجہ صوبوں سے پانی کی کم طلب ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے جنوب سے مرکز میں 400 میگاواٹ گرڈ میں استحکام کی بدولت

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

لاکھوں نوجوانوں کو نوکریاں نہ ملنے کا خدشہ، عالمی بینک نے روزگار کو بڑا مسئلہ قرار دیدیا

پاکستان میں تیزی سے بڑھتی آبادی کیلئے نوکریوں کے مواقع مزید کم ہونے کا امکان ہے، اجلاس میں ماہرین کا اظہار خیال

سیاحت کے فروغ سے معیشت اور روزگار میں اضافہ ممکن ہے، زراعت اور ایگری بزنس میں نوکریوں کے بڑے مواقع موجود ہیں، صحت کا شعبہ بھی روزگار پیدا کرنے میں اہم ہے

واشنگٹن (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک میں آئندہ 10 سے 15 سال کے دوران لاکھوں نوجوانوں کو نوکریاں نہ ملنے کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ واشنگٹن میں عالمی بینک اور آئی ایم ایف کا سالانہ اجلاس ہوا، اجلاس میں روزگار بڑا مسئلہ قرار دیا گیا، مشرق وسطی کی صورتحال پر اجلاس میں تشویش کا اظہار کیا گیا، صدر عالمی بینک اجے بانگا کا کہنا ہے کہ روزگار

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

لاہور، ایک شخص نیو جو برجی کے علاقے میں واقع ایک پارک کے بینچ پر مزے سے سو رہا ہے

صوبائی وزیر داخلہ وچیئرمین کمیٹی میر ضیاء اللہ لانگو کاریزات کو ضلع بنانے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قلات ہاؤس کوئٹہ میں ولی عہد شہزادہ پرنس محمد خان احمدزئی کی سربراہی میں اہم قبائلی جرگہ

قبائلی تنازعات کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، دشمنیاں ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں، شہزادہ محمد خان احمدزئی

کوئٹہ(بی پی آئی) قلات ہاؤس کوئٹہ میں ولی عہد شہزادہ پرنس محمد خان احمدزئی کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطح کا قبائلی اجلاس منعقد ہوا، جس کا مقصد صوبے میں جاری مختلف قبائلی تنازعات کا پائیدار حل اور بھائی چارے کا فروغ تھا۔ اجلاس میں ممتاز قبائلی عمائدین، بشمول سابق وفاقی وزیر سردار کمال خان بنگلزئی، سردار علی محمد قلندرانی، سابق سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی، آغا عزیز جان احمدزئی، سردارزادہ حسین جان بنگلزئی اور دیگر معتبرین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ولی عہد شہزادہ پرنس محمد خان احمدزئی نے کہا کہ قبائلی تنازعات کا حل اور امن وامان کا قیام ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ قبائلی دشمنیاں نہ صرف قیمتی جانوں کے ضیاع کا سبب بنتی ہیں بلکہ مجموعی ترقی کی راہ میں بھی سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ انہوں نے آنے والی نسلوں کے مستقبل کی خاطر اتحاد کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس میں شریک عمائدین نے شہزادہ محمد خان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ قبائلی مسائل کے حل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

نصیر آباد، سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ ودیگر ایریگیشن ریسٹ ہاؤس کی تزئین وآرائش کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

اوتھل، عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی لسبیلہ

یونین کونسل کی سطح پر عوامی مسائل سننے کے لیے براہِ راست ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کرنے کا فیصلہ

اوتھل(بی پی آئی) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے کہا ہے کہ ضلع میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے، اور وہ ایسا ماحول قائم کرنا چاہتے ہیں جہاں شہری بلاخوف وخطر زندگی گزار سکیں۔ اوتھل میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موٹر سائیکل چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کا خاتمہ پولیس کی ٹاپ ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کسی ایک شہری کا موٹر سائیکل چوری ہوتا ہے تو یہ پورے علاقے کے لیے خطرے کی علامت ہے، جسے فوری طور پر سنجیدگی سے لینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی مؤثر پولیسنگ کی بنیاد ہے، اسی لیے وہ یونین کونسل سطح پر عوام سے براہ راست ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس سلسلے میں وہ خود مختلف یونین کونسلز کا دورہ کریں گے اور منتخب نمائندوں، سماجی کارکنوں، نوجوانوں اور معززین کے ساتھ بیٹھ کر مسائل سنیں گے۔ ایس ایس پی نجیب اللہ پندرانی نے کہا کہ ان ملاقاتوں کا مقصد عوامی مسائل کو نچلی سطح پر سمجھنا اور فوری حل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں ممکن ہوگا مسائل وہیں حل کیے جائیں گے جبکہ پیچیدہ نوعیت کے معاملات کو اعلیٰ سطح پر نمٹایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ مثبت سوچ اور باہمی تعاون کے قائل ہیں اور چاہتے ہیں کہ عوام، پولیس اور میڈیا مل کر ایک ٹیم کے طور پر کام کریں۔

گنداخہ، سردارزادہ فیصل خان جمالی عوامی امنگوں کے ترجمان ہیں

گنداخہ(بی پی آئی) عوامی حلقوں، سیاسی و سماجی شخصیات نے ایک مشترکہ بیان میں صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں عوامی امنگوں کا حقیقی ترجمان قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گنداخہ اور ملحقہ علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبے صوبائی وزیر کی عوام دوستی اور عملی سیاست کا ثبوت ہیں۔ ان کی خصوصی دلچسپی سے سڑکوں کی مرمت، پینے کے صاف پانی، ڈرینج سسٹم کی بہتری اور تعلیمی و طبی اداروں کی اپ گریڈیشن کے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، جس سے برسوں کی محرومیوں کا خاتمہ ہو رہا ہے۔

پسنی میں آوارہ کتوں کی یلغار، 40 سے زائد کاٹنے کے واقعات رپورٹ

گوادر(بی پی آئی) پسنی میں آوارہ کتوں کی یلغار، 40 سے زائد کاٹنے کے واقعات رپورٹ، شہری خوف و ہراس کا شکار، انتظامیہ و ٹی ایم او میونسپل کمیٹی کی غفلت برقرار، عوام کا فوری اقدامات کا مطالبہ، بڑے سانحے کا خدشہ شہر پسنی میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں کے لیے سنگین خطرہ بن گئی ہے، جہاں رواں ماہ کے دوران کتے کے کاٹنے کے 40 سے زائد واقعات رپورٹ ہو چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق متاثرہ افراد میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں، جبکہ بیشتر واقعات رہائشی علاقوں اور گلی محلوں میں پیش آئے۔

قلات، کلی پندرانی میں ہینڈ گرنیڈ دھماکہ، چار راہگیر زخمی

قلات(بی پی آئی) قلات کے علاقے کلی پندرانی میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی جانب سے ہینڈ گرنیڈ حملے کے نتیجے میں 4 راہگیر زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حملہ آوروں نے سڑک کنارے واقع 'ڈبو' کی ایک دکان کو نشانہ بنانے کی کوشش کی اور دستی بم سڑک پر پھینک کر فرار ہو گئے۔ دھماکے کی آواز سنتے ہی علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ وہاں سے گزرنے والے چار افراد زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال قلات منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر مندی کا رجحان

کراچی(بی پی آئی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں جمعرات کو بھی منفی رجحان دیکھا گیا۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز کاروبار کے آغاز پر ہی سٹاک ایکسچینج میں مندی ریکارڈ کی گئی،

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کیمپس میں پودا لگا رہے ہیں

بھاگ، مدارس کی غیر قانونی سیلنگ اور علما کو ہراساں کرنا بند کیا جائے، مفتی کفایت اللہ

رجسٹریشن سوسائٹی ایکٹ کے تحت ہوگی، چیریٹی ایکٹ کا دباؤ غیر آئینی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان نوٹس لیں

بھاگ(بی پی آئی) مسئول وفاق المدارس العربیہ پاکستان نصیرآباد ڈویژن بشمول سبی و ڈیرہ بگٹی مفتی کفایت اللہ نے مدارسِ دینیہ کو سیل کرنے اور علما کو بلا جواز ہراساں کرنے پر ہنگامی پریس کانفرنس سے کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع ڈیرہ بگٹی کے مختلف دینی مدارس کے مہتممین کی جانب سے یہ شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی گزشتہ چند ماہ سے علما کرام اور مدارس کی پرامن انتظامیہ کو ہراساں کر رہے ہیں اور انہیں اپنے مدارس کو چیریٹی ایکٹ کے تحت رجسٹریشن کروانے پر مجبور کیا جا رہا ہے انہوں نے واضح کیا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے 26 ویں آئینی ترمیم 2024 کے مسودے کے تحت یہ فیصلہ طے پایا تھا کہ ملک بھر کے دینی مدارس کی رجسٹریشن ایک باقاعدہ پارلیمانی ایکٹ کے تحت کی جائے گی جو کہ دی گزٹ آف پاکستان میں بھی شائع ہو چکا ہے لہذا اس منظور شدہ قانونی طریقہ کار کو نظر انداز کرتے ہوئے کسی دوسرے قانون یا طریقہ کار کے تحت مدارس کی رجسٹریشن کروانا نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ آئینی تقاضوں کے بھی منافی ہے مولانا مفتی کفایت اللہ نے مزید کہا کہ 11 جنوری 2025 کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ تحریری ہدایات اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے متفقہ فیصلے کے مطابق تمام ملحقہ مدارس کی رجسٹریشن صرف سوسائٹی ایکٹ 1860 کے تحت کی جائے گی اور کسی دوسری نوعیت کی رجسٹریشن ہرگز قابل قبول نہیں ہوگی

کچھی، بی آئی ایس پی آفیسران دفاتر سے غائب، مستحق خواتین میلوں دور سبی جانے پر مجبور

افسران کی تنخواہیں لاکھوں میں مگر ذمہ داریاں گھروں تک محدود، انکوائری کمیشن تشکیل دینے کا مطالبہ

بولان(بی پی آئی) ضلع کچھی بولان میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کا نظام مکمل طور پر درہم برہم ہو چکا ہے، جہاں اعلیٰ آفیسران دفاتر سے مسلسل غائب رہ کر لاکھوں روپے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں۔ بی آئی ایس پی حکام کی نااہلی اور دفاتر سے غیر حاضری کے باعث ضلع بھر کی غریب اور مستحق خواتین اپنے جائز حقوق اور رجسٹریشن کے لیے شدید مشکلات کا شکار ہیں اور وہ کچھی کے بجائے میلوں دور ضلع سبی کا رخ کرنے پر مجبور ہیں۔ مستحق خواتین نے شکایت کی ہے کہ دفتر میں موجود عملہ غیر پیشہ ورانہ رویہ اختیار کرتا ہے اور سروے کے نام پر انہیں مختلف حیلوں بہانوں سے پریشان کیا جاتا ہے۔ کچھی بولان کے سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ کئی افسران برسوں سے اپنے اثر و رسوخ کا استعمال کر کے فرائض سے غافل ہیں اور انہوں نے اپنی ذمہ داریاں دفاتر کے بجائے گھروں تک محدود کر رکھی ہیں۔ خواتین کو شدید گرمی میں طویل سفر اور اضافی مالی بوجھ برداشت کر کے سبی جانا پڑ رہا ہے، جو مقامی انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔

غلام فاروق شیخ کا بلا مقابلہ ڈسٹرکٹ چیئرمین منتخب ہونا عوامی اعتماد کی جیت ہے، پیر بخش مونڈرہ

نومنتخب چیئرمین کی قیادت میں ضلع بھر میں ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، جام گروپ کے رہنما کا بیان

وندر(بی پی آئی) جام گروپ کے سینئر رہنما جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی وندر پیر بخش مونڈرہ نے اپنے ایک اخباری بیان میں چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ کو بلا مقابلہ ڈسٹرکٹ چیئرمین منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی یہ شاندار کامیابی عوام کے غیر متزلزل اعتماد، سیاسی بصیرت اور علاقے کے لیے کی گئی مسلسل خدمات کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار غلام فاروق شیخ نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی مجموعی ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے جس کی بدولت وہ عوام کے دلوں میں ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تمام سیاسی سماجی اور قبائلی حلقوں نے متفقہ طور پر ان کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا اور انہیں بلا مقابلہ کامیاب کروایا جو کہ ان کی مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پیر بخش مونڈرہ نے کہا کہ سردار غلام فاروق شیخ کی قیادت میں ضلع بھر میں ترقیاتی کاموں کو ایک نئی سمت ملے گی اور عوام کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نومنتخب ڈسٹرکٹ چیئرمین اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے شفافیت دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔

وندر، سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی کا وندر اور گردونواح کا دورہ

بھوتانی عوامی کارواں کے رہنماں کی بڑی تعداد ہمراہ، لواحقین سے دلی ہمدردی اور فاتحہ خوانی

وندر(بی پی آئی) سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی کی وندر آمد مصروف دن گزارا مختلف شخصیات کی وفات پر لواحقین سے تعزیتیں کیں۔ تفصیلات کے مطابق موضع رکھال حاجی عبداللہ برہ گوٹھ میں عبدالمجید برہ زراعت والے سے بھائی کی وفات پر تعزیت کی۔ گوٹھ صالح محمد منشی برہ میں سائیں محمد قاسم برہ سے والدہ کی وفات پر تعزیت کی۔ وندر سٹی برادیہ کالونی میں ملک عبدالستار رونجھ ملک عبدالجبار رونجھ عبدالقدیر رونجھ کے بھائی شہید عبد الناصر رونجھ کی وفات پر تعزیت کی۔ آچرہ محلہ ابراہیم کالونی میں عبدالغفور اچرہ کی وفات پر ان کے بھائی عمران اچرہ اور کزن صحافی سیف اللہ اچرہ سے تعزیت کی۔ بعد ازاں گوٹھ وڈیرہ محمد خان انگاریہ باندیکہ میں سابق کونسلر وڈیرہ محمد سلیمان انگاریہ کے چچا ماسٹر طفیل انگاریہ سے والد کی وفات پر تعزیت کی۔ وڈیرہ بابو سے چچا رضا محمد انگاریہ کی وفات پر تعزیت کی۔ دوست محمد گوٹھ میں اصغر رند سے ان کے بھتیجے شاہنواز رند کی وفات پر تعزیت کی۔ گوٹھ رضا محمد دودا میں وڈیرہ محمد امین دودا سے ان کے بھائی وڈیرہ نبی داد سے تعزیت کی۔ گوٹھ گوگن دودا بالا میں سابق چیئرمین ابراہیم دودا کے کزن وڈیرہ پیر محمد دودا سے ان کے بھائی دین محمد دودا کی وفات پر تعزیت کی۔ عیسیٰ دودا گوٹھ مینڈیاری میں وڈیرہ فتح محمد، محمد قاسم دودا سے ان کے کزن ناخدا عبدالرحمٰن دودا کی وفات پر تعزیت کی۔ علو بلوچ گوٹھ رانا بھٹ میں استاد صالح محمد بلوچ سے اس کے بھائی عطامحمد کی وفات پر تعزیت کی۔ خیرو شیخ گوٹھ رانا بھٹ میں سائیں محمد حسن شیخ سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کی۔ جنگلی محلہ سونمیانی میں وڈیرہ سلیم کا کانی سے ان کے بھائی محمد ہاشم کی وفات پر تعزیت کی۔ ٹپائی محلہ میں جاوید کے والد معروف سیاسی شخصیت سیف اللہ لاسی کے سسر کی وفات پر ان سے تعزیت کی۔ ڈام بندر امیر حمزہ خاصخیلی ہاس میں بشیر حمزہ خاصخیلی سے ان کے والد امیر حمزہ کی وفات پر تعزیت کی۔ عبدالرحمٰن کے بھائی عبدالستار کے والد علی محمد عرف ناتھو کی وفات پر تعزیت کی

صحبت پور، ضلع بھر میں عطائیوں اور غیر قانونی میڈیکل اسٹورز کی بھرمار

صحبت پور(بی پی آئی) ضلع صحبت پور سمیت تحصیل پہنور، سنہڑی، مانجھی پور، سعید خان، خیر دین اور فرید آباد میں ناتجربہ کار افراد نے میڈیکل اسٹورز اور کلینکس کو منافع بخش کاروبار بنا لیا ہے، جس کی وجہ سے انسانی جانیں شدید خطرے میں پڑ گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ان علاقوں میں نیم حکیم اور ناتجربہ کار لوگ بغیر کسی تشخیص کے مریضوں کو انجکشن لگا رہے ہیں اور ایک ہی سرنج کا بار بار استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ میڈیکل اسٹورز پر ایکسپائر ادویات کی فروخت سرعام جاری ہے۔ ان غیر قانونی سرگرمیوں کے باعث علاقے کی 90 فیصد سے زائد آبادی ہیپاٹائٹس (بی، سی) کالا یرقان (اور کینسر جیسے جان لیوا

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار بی بی ثمینہ کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی مد میں 171700 روپے ادا کروادیے گئے

کوئٹہ(بی پی آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار بی بی ثمینہ کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی مد میں 171700 روپے ادا کروا دیے گئے۔ درخواست گزار بی بی ثمینہ جن کے شوہر پی آئی ڈی میں ملازم تھے۔ نے بتایا کہ انہیں ہر ماہ باقاعدگی سے ماہانہ بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی کی جاتی تھی۔ لیکن کچھ عرصے سے یہ ادائیگی بغیر کسی وجہ کے روک دی گئی۔ متعلقہ محکمے سے متعدد بار رجوع کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔

بختیار آباد، قومی شاہراہ پر پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ

بختیار آباد(بی پی آئی) قومی شاہراہ پر پولیس تھانہ بختیار آباد کی حدود میں پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق گشت پر مامور ٹیم کا سامنا جب مسلح ڈاکوؤں سے ہوا تو دونوں جانب سے فائرنگ شروع ہوگئی، جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے بعد مسلح ڈاکو رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے قریبی جھاڑیوں اور دشوار گزار راستوں کی جانب فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے فوراً بعد پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

خانیوال میں لرزہ خیز ڈکیتی، مزاحمت پر ماں اور 10 سالہ بیٹا قتل

خانیوال(بی پی آئی) خانیوال کے نواحی علاقے کوٹ مدینہ میں مسلح ڈاکوؤں نے ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے ماں اور اس کے کمسن بیٹے کو موت کے گھاٹ اتار

جعفرآباد، خواتین حقوق کے لیے عورت فاؤنڈیشن اور یواین ویمن کا اہم مکالمہ

سرکاری اداروں میں خواتین کی شمولیت ناگزیر، صنفی مساوات اور بہتر حکمرانی کے لیے مربوط کوششوں پر زور

جعفرآباد(بی پی آئی) عورت فاؤنڈیشن اور یواین ویمن کے اشتراک، جبکہ جرمن سفارت خانہ کے تعاون سے ضلع جعفرآباد میں خواتین کے حقوق، صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے اور خواتین کے لیے مساوی وسائل و بہتر حکمرانی کے فروغ کے لیے ایک اہم اور تفصیلی مکالمہ منعقد کیا گیا۔ اجلاس کا مقصد مقامی سطح پر صنفی مساوات، مؤثر حکمرانی، خواتین کے مسائل، اور ادارہ جاتی تعاون کو مضبوط بنانا تھا، تاکہ ضلع میں خواتین اور مردوں کو یکساں مواقع اور سہولیات میسر آسکیں۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد عورت فاؤنڈیشن کی پروجیکٹ کوآرڈینیٹر یاسمین مغل نے سیشن کے مقاصد بیان کیے۔ افتتاحی کلمات میں یواین ویمن، عورت فاؤنڈیشن اور جاری منصوبے کا تعارف پیش کیا گیا، اور صوبے میں صنفی انصاف، بہتر حکمرانی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔ اس مکالمے میں محکمہ خواتین ترقیات، محکمہ سماجی بہبود، اساتذہ، ترقیاتی اداروں، پولیس، وکلا، سول سوسائٹی، عدلیہ اور پراسیکیوشن سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ پولیس، وکلا، عدلیہ، پراسیکیوشن اور دیگر سرکاری محکموں میں خواتین کی شمولیت کو بڑھانا ناگزیر ہے، تاکہ خواتین اپنے مسائل بلاخوف وہچکچاہٹ کے مؤثر طور پر بیان کر سکیں

صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی میر صادق عمرانی ملاقات میں گفتگو کر رہے ہیں

زیارت، بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایف آئی آر کا اندراج

پرامن احتجاج شہریوں کا بنیادی حق ہے، ایڈووکیٹ محمد یعقوب کاکڑ سمیت دیگر معززین کے خلاف مقدمات فوری واپس لیے جائیں

زیارت(بی پی آئی) زیارت میں گزشتہ روز بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف مکینوں اور سیاسی پارٹیوں کی جانب سے پرامن احتجاج کیا گیا جس میں پہیہ جام ہڑتال شامل تھا، جس کا مقصد صرف اور صرف عوامی مسائل کو اجاگر کرنا اور حکام بالا تک اپنی آواز پہنچانا تھا۔ تاہم افسوسناک امر یہ ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے مسائل کے حل کی طرف توجہ دینے کے بجائے احتجاج میں شریک افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی۔ یہ اقدام نہ صرف عوامی جذبات کو ٹھیس پہنچانے کے مترادف ہے بلکہ بنیادی شہری حقوق، بالخصوص پرامن احتجاج کے حق، کی بھی نفی کرتا ہے۔ احتجاج کرنے والے افراد کسی ذاتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ بجلی جیسی بنیادی سہولت کی فراہمی کے لیے آواز بلند کر رہے تھے، جو ہر شہری کا حق ہے۔ مزید برآں، اس ایف آئی آر میں ضلع زیارت کی معزز سماجی و قانونی شخصیات کو بھی شامل کیا گیا ہے، جن میں زیارت بار ایسوسی ایشن کے سینئر وکیل، ایڈووکیٹ ہائی کورٹ اور پریس کلب زیارت کے لیگل ایڈوائزر ایڈووکیٹ محمد یعقوب کاکڑ کا نام بھی شامل ہے۔

دلسورہ، واٹر سپلائی کے سولر سسٹم کی عدم تنصیب، جے یو آئی اور ایکشن کمیٹی کا ہائی وے بند کرنے کا انتباہ

محکمہ واسا کی غفلت سے عوام صاف پانی کو ترس گئے، ڈی سی اور اے سی کاریزات فوری نوٹس لیں، محب اللہ دلسوری

دلسورہ(بی پی آئی) جمعیت علما اسلام صوبائی کونسل کے رکن محب اللہ دلسوری اور نوجوان ایکشن کمیٹی دلسورہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کلی دلسورہ میں واٹر سپلائی کا سولر سسٹم تاحال بحال نہیں کیا گیا، جس کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ حالانکہ بورنگ کے ذریعے پانی دستیاب ہے، لیکن بجلی کی بندش اور سولر سسٹم کی عدم تنصیب کی وجہ سے عوام صاف پانی سے محروم ہیں اور دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور ہیں گزشتہ ایک سال سے محکمہ واسا کی غفلت اور نااہلی کے باعث یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکا، جبکہ دو ماہ سے دلسورہ فیڈر کی بجلی بھی بند ہے۔ محکمہ واسا نے متعدد بار وعدے کیے مگر تاحال سولر سسٹم نصب کرنے میں ناکام رہا ہے۔ مزید برآں، کچھ سازشی عناصر کی جانب سے اس منصوبے میں رکاوٹ ڈالنے کی اطلاعات بھی موصول ہو رہی ہیں، جس کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ ہم حکومت وقت اور متعلقہ انتظامیہ، خصوصاً ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اور اسسٹنٹ کمشنر (اے سی) کاریزات سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر کلی دلسورہ میں سولر سسٹم نصب کیا جائے۔

اوستہ محمد، شہر کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، حنیف بختیار زئی

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ ہونے سے مفاد پرست ٹولہ بے چین ہے، اوستہ محمد بچاؤ تحریک کی پولیس کو مکمل حمایت

اوستہ محمد(بی پی آئی) معروف قوم پرست رہنما اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا ہے کہ اوستہ محمد کی امن ہرگز خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے اوستہ محمد پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کر رہی ہے جس کی وجہ سے امن وامان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے پرامن احتجاج کے نام پر پولیس فورس کو بدنام نہیں کیا جا سکتا ایس پی اوستا محمد کے اقدامات قابل تعریف ہے ان خیالات کا اظہار محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا جب شہر میں قانون کی گرفت مضبوط ہونے لگے اور جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے تو لازمی طور پر وہ لوگ بے چین ہو جاتے ہیں جن کے مفادات خطرے میں پڑ جاتے ہیں۔ آج اوستہ محمد میں بھی یہی صورتحال دیکھنے کو مل رہی ہے، جہاں ایس پی معاذ الرحمان، ایس ایچ او سٹی ندیم بہرانی اور ون فائیو انچارج کرم حسین کی قیادت میں جرائم کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔

لورالائی، میونسپل کمیٹی کا ہنگامی اجلاس، کونسلران کا جعلی دستخطوں سے بجٹ پاس کرنے کے خلاف احتجاج

لورالائی(بی پی آئی) میونسپل کمیٹی لورالائی کا اجلاس وائس چیئرمین و کنوینئر ٹھیکیدار نذیر احمد تاخیل کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں چیئرمین اور چیف آفیسر کی عدم شرکت پر کونسلران نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ اجلاس میں شریک 12 کونسلران نے الزام عائد کیا کہ میونسپل کمیٹی میں عوامی نمائندوں کے جعلی دستخطوں کے ذریعے غیر قانونی طور پر بجٹ پاس کروانے کی کوشش کی جا رہی ہے تاکہ کرپشن کو دوام بخشا جا سکے۔ کونسلران کا کہنا تھا کہ کاغذی کارروائیوں میں وارڈز کے اندر ٹف ٹائلز اور صفائی کا ذکر موجود ہے، مگر عملی طور پر شہر کچرے کا ڈھیر بن چکا ہے اور مٹن مارکیٹ سمیت دیگر منصوبوں کے بل جعلی دستخطوں سے نکالے گئے ہیں۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب بلوچستان، احتشام الحق ڈائریکٹر کالجز حسین بلوچ ودیگر مقررین جنرل محمد موسیٰ گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ میں منعقدہ سیمینار میں بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کے کردار کے حوالے سے خطاب کر رہے ہیں

اوتھل، نادرا آفس میں انتظامی ابتری اور عملے کا نامناسب رویہ، شہری خوار ہونے لگے

خاتون انچارج کی تعیناتی کے بعد مشکلات میں اضافہ، جام کمال خان سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

اوتھل(بی پی آئی) نادرا آفس اوتھل عوام کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن گیا ہے، جہاں شہریوں کو گھنٹوں انتظار اور نامناسب رویے کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق آفس میں ایک خاتون کو انچارج مقرر کیا گیا ہے، جس کے بعد سے معاملات مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ موجودہ انتظامیہ کے تحت سروس کا معیار متاثر ہوا ہے، اور لوگ اپنی باری کے لیے طویل قطاروں میں کھڑے رہنے کے باوجود بروقت سہولت حاصل نہیں کر پا رہے۔ شہریوں کے مطابق کئی کئی گھنٹے انتظار کے بعد جب ٹوکن ملتا ہے تو بعض اوقات دستاویزات میں کمی کا جواز پیش کر کے انہیں واپس بھیج دیا جاتا ہے، جس سے وقت اور وسائل دونوں کا ضیاع ہوتا ہے۔ عوام نے ماضی کے انچارجز، عبدالعزیز رونجھو اور محمد جمن خاصخیلی کے دور کو بہتر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت شہریوں کو بہتر رہنمائی اور تعاون فراہم کیا جاتا تھا۔ ان کے مطابق موجودہ صورتحال میں نہ صرف انتظامی کمزوریاں ہیں بلکہ عوامی شکایات کو بھی سنجیدگی سے نہیں لیا جا رہا۔ اوتھل کے عوامی حلقوں نے وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نادرا آفس کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، اور ایسے افسران تعینات کیے جائیں

ژوب، ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں 14 سالہ لڑکا جاں بحق، دو افراد زخمی

ژوب(بی پی آئی) ٹریفک حادثات کے دو مختلف واقعات میں ایک کمسن لڑکا جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے ہسپتال ذرائع کے مطابق ژوب میں ڈگری کالج کے قریب ایک تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 14 سالہ لڑکا مدثر قوم۔ شیرانی جاں بحق ہو گیا دریں اثنا ایک اور حادثہ کوئٹہ قومی شاہراہ پر پیش آیا جہاں اسلام آباد جانے والے دو افراد نقیب اللہ اور سید محمد یوسف، جو پشین کے رہائشی بتائے جاتے ہیں، ٹریفک حادثے میں زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ٹیموں نے زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا، جہاں ڈاکٹروں کے مطابق دونوں کی حالت تسلی بخش بتائی جا رہی ہے۔

بلدیاتی انتخابات سے بچنے کے لیے حکومتی جماعتیں عدالتوں کا سہارا لے رہی ہیں، نیشنل پارٹی

عام انتخابات میں فارم 47 کے ذریعے جعلی نمائندے مسلط کیے گئے، چلتن ٹاؤن کے مشاورتی اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ(بی پی آئی) نیشنل پارٹی نے گزشتہ کوئٹہ بلدیاتی انتخابات میں نمایاں کارکردگی دکھائی، حکومتی جماعتوں نے گزشتہ الیکشن سے راہ فرار اختیار کرنے کے لیئے عدالتوں کا سہارا لیا۔ حاجی عطا محمد بنگلزئی نیشنل پارٹی کوئٹہ کی جانب سے چلتن ٹاؤن کے تحصیل کونسلران کا اہم مشاورتی اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی پارٹی کے تحصیل آفس عامر ویلاز سردار بنگلزئی اسٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں الیکشن کمیشن کی جانب سے نئے حلقہ بندیوں کے حوالے سے مشاورتی اجلاس سے ضلعی صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی، مرکزی سیکریٹری سوشل میڈیا سعد دہوار، تحصیل صدر حاجی بابل بنگلزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ عام انتخابات میں عوامی رائے کے برخلاف فارم 47 کے ذریعے کوئٹہ شہر کے تمام حلقوں کے انتخابات کو بھی ٹھیکے پر دیا گیا جس کی بدولت آج کوئٹہ شہر پر ایسے لوگوں کو جعلی طریقے سے مسلط کئے گئے ہیں جن کا عوام میں نا کوئی کردار تھا اور نا کوئی کردار ہے جب کہ تاریخ ساز کرپشن اور بدامنی اپنے عروج پر ہے۔ گزشتہ سال دسمبر میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات نے انہیں مزید ایکسپوز کیا جہاں انہیں اکثریتی وارڈز پر امیدوار تک نہیں ملے۔ جس طرح سے نیشنل پارٹی نے 2024 کے عام انتخابات میں پی بی 44 سے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی تھی اس سے بڑھ کر عوام نے چلتن ٹاؤن پر گزشتہ بلدیاتی انتخابات کے دوران نیشنل پارٹی کو واضح کامیابی دلائی ہیں۔۔

امتحانی مراکز میں مرد افسران کی طویل موجودگی روایات کے منافی ہے، اخونزادہ عطاالرحمٰن

تعلیمی نظام میں نقل، رشوت اور سفارش نے میرٹ کا جنازہ نکال دیا، اسلامی جمعیت طلبہ کا سخت ردِعمل کا انذار

کوئٹہ(بی پی آئی) اسلامی جمعیت طلبہ کوئٹہ کے ناظم اخونزادہ عطاالرحمٰن نے کہا کہ ایف اے اور ایف ایس سی کے سالانہ امتحانات کے دوران بورڈ آفس اور محکمہ تعلیم کے بعض مرد افسران کی جانب سے معائنہ کے بہانے امتحانی مراکز میں دو سے تین گھنٹے تک موجود رہتے ہیں جس سے اسلامی اقدار و مقامی روایات شدید مجروح ہو رہی ہیں۔ نقل سفارش اقربا پروری اور رشوت نے تعلیم تباہ میرٹ کا جنازہ نکال دیا۔ اہل محنتی لائق طلبا کی حق تلفی برداشت نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے طلبا کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبہ مطالبہ کرتی ہے کہ امتحانات جیسے حساس ماحول میں طالبات کی پرائیویسی، عزت نفس اور یکسوئی کو ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے اور معائنہ کے لیے واضح ایس او پیز بنائے جائیں۔ طالبات کے مراکز میں صرف خواتین افسران کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی قسم کی بے چینی یا بداعتمادی پیدا نہ ہو اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو اسلامی جمعیت طلبہ اس کے خلاف واضح وشدید ردعمل دیگی۔ متعلقہ حکام اس معاملے کا فوری نوٹس لیں ذمہ دار افسران کے خلاف تحقیقات کر کے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔۔

صوبائی وزیر خوراک وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ ڈائریکٹر جنرل نادرا بلوچستان نوید جان سے ملاقات کر رہے ہیں

آئی جی جیل خانہ جات کیپٹن (ر) عبدالسعید نوید ڈسٹرکٹ جیل لورالائی کے دورے کے موقع پر افسران واہلکاروں سے بات چیت کر رہے ہیں

مولانا فیض اللہ اور راز محمد دورانی کی علالت پر محب اللہ دلسوری کا اظہارِ تشویش

اللہ تعالیٰ دونوں شخصیات کو صحتِ کاملہ عطا فرمائے، جے یو آئی کے تمام کارکنان ان کے لیے دعا گو ہیں

کوئٹہ(بی پی آئی) جمعیت علما اسلام صوبائی کونسل کے رکن محب اللہ دلسوری نے اپنے ایک بیان میں سابق صوبائی وزیر حضرت مولانا فیض اللہ اور جے یو آئی سوشل میڈیا ضلع لورالائی کے متحرک کارکن حاجی راز محمد دورانی کی علالت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہیانہوں نے کہا کہ دونوں شخصیات جماعت کے مخلص اور سرگرم رہنما و کارکن ہیں جن کی خدمات قابلِ قدر ہیں۔ محب اللہ دلسوری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مولانا فیض اللہ اور حاجی راز محمد دورانی کو جلد صحت کاملہ عطا فرمائے اور انہیں دوبارہ بھرپور انداز میں قومی و دینی خدمات انجام دینے کی توفیق دے۔

اوستہ محمد، شہر میں چوری اور ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کے خلاف تاجر برادری کا اہم اجلاس

تاجروں کو سرِ عام لوٹا جا رہا ہے، حکومت اور پولیس حکام فوری نوٹس لیں، محمد رحیم خان بنگلزئی

اوستہ محمد (بی پی آئی) اوستہ محمد سٹی تھانہ کی حدود میں چوری اور ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی روک تھام کے لیے تاجر برادری کی جانب سے ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں سیاسی و سماجی شخصیات اور پولیس افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں شہر کی ابتر امن و امان کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا اور تاجروں کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا گیا۔ اس موقع پر انجمن تاجران بلوچستان کے نائب صدر محمد رحیم خان بنگلزئی نے میڈیا سے گفتگو

کراچی، ریٹائرڈ ایس پی کے بیٹے کی فائرنگ سے ایف بی آر انسپکٹر زخمی

کراچی(بی پی آئی) کراچی کے علاقوں کلفٹن اور کورنگی میں فائرنگ کے 2 مختلف واقعات میں ایف بی آر کے انسپکٹر سمیت 2 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق کلفٹن کے علاقے اوشین شاپنگ مال کے قریب فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہو گیا، جسے فوری طور پر طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔

گرمی بڑھتے ہی بجلی کی طلب میں اضافہ، لاہور میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ

لاہور(بی پی آئی) گرمی میں اضافہ ہوتے ہی بجلی کی طلب بڑھنے لگی جس سے سسٹم پر لوڈ بھی بڑھ گیا۔ شدید گرمی میں صوبائی دارالحکومت میں غیر اعلانیہ اور جبری لوڈشیڈنگ جاری ہے، شہر کے مختلف علاقوں میں 2 سے 3 اور دیہی علاقوں میں 4 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے۔

بیلا، میونسپل کمیٹی میں چیف آفیسر اور انجینئر کی عدم موجودگی سے نظام درہم برہم، شہری پریشان

چیئرمین کے استعفے کے بعد انتظامی افسران کا غائب ہونا تشویشناک ہے، حکام بالا فوری نوٹس لیں، عوامی حلقے

بیلا(بی پی آئی) میونسپل کمیٹی بیلا میں چیف فیسر اور انجینیر کی عدم موجودگی پورا نظام درہم برہم دفتری امور بھی بری طرح متاثر دو ذمہ دار افسران کی عدم موجودگی عوامی حلقوں میں تشویش تفصیل کے مطابق میونسپل کمیٹی بیلا میں کافی عرصے سے چیف فیسر اور انجینیر اپنی جائے تعیناتی پر موجود نہیں ہیں جس کے باعث نہ صرف دفتری معاملات ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں بلکہ عوام الناس اور شہریوں کو بھی میونسپل کمیٹی سے منسلک معاملات و مسائل کے حوالے سے دشواریاں لاحق ہیں

خضدار، سٹی پولیس کی مختلف کارروائیاں، 4 مفرور ملزمان سمیت منشیات فروش گرفتار، اسلحہ برآمد

ایس ایس پی خضدار کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ، فائرنگ اور دیگر مقدمات میں مفرور گرفتار

خضدار(بی پی آئی) سٹی پولیس کی جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف بھرپور کامیاب کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق خضدار سٹی پولیس کی کارروائیاں مزید تیز ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر، ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دہوار کی خصوصی ہدایات پر زیرِ نگرانی ڈی ایس پی سٹی محمد عالم لہڑی ایس ایچ او سٹی منیر عالم جتک، اور پولیس ٹیم نے سٹی ایریا میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے لڑائی جھگڑے فائرنگ اور دیگر مختلف کیسوں میں ملوث چار مفرور ملزمان کو گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا۔

چمن پسنجر ٹرین کی معطلی سے مسافروں کو سخت مشکلات، ٹرین بحال کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ تا چمن 145 کلومیٹر کے سفر میں روزانہ ہزاروں لوگ محفوظ ذریعے سے محروم ہو گئے، افغان قومی موومنٹ

کوئٹہ(بی پی آئی) افغان قومی موومنٹ (AQM) نے اپنے ایک بیان میں محکمہ ریلوے کے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ چمن پسنجر ٹرین کو فوری طور پر روزانہ کی بنیاد پر بحال کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ کئی روز سے ٹرین سروس معطل ہونے کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، کیونکہ کوئٹہ سے چمن تک کے 145 کلومیٹر طویل سفر میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ اس محفوظ اور سستے ذریعے سے سفر کرتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق قلعہ عبداللہ اور سرحدی شہر چمن کے درمیان چلنے والی یہ ٹرین مختلف اہم اسٹیشنوں سے گزرتی ہے جہاں ہر اسٹیشن پر سینکڑوں مسافر سوار اور روانہ ہوتے ہیں۔ عوام کے لیے بائی روڈ سفر کرنا نہ صرف انتہائی مہنگا ہے بلکہ مشکل بھی ہے، جس کی وجہ سے ٹرین سروس غریب عوام کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ افغان قومی موومنٹ نے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی تکلیف کا نوٹس لیتے ہوئے ٹرین کی مسلسل بندش کا خاتمہ کیا جائے اور اسے فوری طور پر پٹڑی پر لایا جائے۔

حب، پیرکس روڈ گزشتہ کئی سالوں سے خستہ حالی کا شکار، شہریوں اور مریضوں کی زندگی اجیرن

حب(بی پی آئی) حب شہر کی اہم ترین شاہراہ پیرکس روڈ گزشتہ کئی سالوں سے شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، جس کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہ شاہراہ نہ صرف شہر کے اہم سرکاری دفاتر کو جوڑتی ہے بلکہ ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو ہسپتال منتقل کرنے کا بنیادی راستہ بھی ہے۔

خیرپور، ڈاکوؤں کے ٹھکانے پر پولیس کا ڈرون حملہ، 2 بچوں سمیت 3 افراد جاں بحق

خیرپور(بی پی آئی) پنجیر پور کے نواحی گاؤں سعید لاکو میں پولیس کی جانب سے ڈرون کے ذریعے ڈاکوؤں کے خلاف کارروائی کے نتیجے میں دو بچوں سمیت تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ واقعے کے بعد مقامی افراد نے شدید احتجاج کیا۔

بلوچستان تعلیمی بورڈ کی ساکھ متاثر، اعجاز عظیم بلوچ کو دوبارہ چیئرمین تعینات کرنے کا مطالبہ

ناقص انتظامات اور غیر تجربہ کار عملے کی تعیناتی سے طلبا کا مستقبل داؤ پر لگ گیا، جی ٹی اے آئینی

کوئٹہ(بی پی آئی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن (جی ٹی اے) آئینی بلوچستان کے صوبائی صدر خادم علی بگٹی، سیکرٹری جنرل قائم خان کاکڑ اور دیگر عہدیداروں نے ایک مشترکہ بیان میں بلوچستان تعلیمی بورڈ کی گرتی ہوئی ساکھ پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کا واحد تعلیمی بورڈ طویل عرصے سے انتظامی عدم توجہی اور مالی بے ضابطگیوں کا شکار ہے، جبکہ امتحانات کے دوران پرائیویٹ اور غیر تجربہ کار عملے کو سپروائزری اسٹاف مقرر کر کے طلبا کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کیا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سابق چیئرمین اعجاز عظیم بلوچ کے دور میں بورڈ میں نمایاں اصلاحات کی گئی تھیں، جس سے دور دراز کے طلبا اور اساتذہ کو سہولیات میسر آئیں، لیکن بدقسمتی سے دیانتدار افسران کو کام کرنے کا موقع نہیں دیا جاتا۔ جی ٹی اے کے رہنماں نے مطالبہ کیا ہے کہ بورڈ کے نظام کو بہتر بنانے اور مسائل کے خاتمے کے لیے اعجاز عظیم بلوچ کو فوری طور پر دوبارہ چیئرمین تعینات کیا جائے تاکہ ادارے کی ساکھ بحال ہو سکے۔

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

بے باک صحافت کا ترجمان
ABC CERTIFIED
روزنامہ جہانِ امروز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: فیض اللہ درانی
ایڈیٹر: سید نیاز محمد بڑیچ
Email Adress:Jahan-e-Imroz9996gmail.com 0812875684
پبلشر غلام مرتضیٰ نے روزنامہ جہان امروز کوئٹہ یونائیٹڈ پرنٹرز زرغونگی رام روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر بلال پلازہ نزد مسجد روڈ فلیٹ نمبر 204 میٹھال اسٹریٹ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون نمبر 081-2875684

جنگ بندی میں توسیع کے بعد

ایم جے گوہر

پاکستان کی مخلصانہ اور سنجیدہ سفارتی کوششوں اور فیلڈ مارشل کے دورہ تہران کے بعد ہی ایرانی قیادت نے آبنائے ہرمز کو کھولنے کا اعلان کیا تھا۔

امریکا ایران جنگ رکوانے کے لیے پاکستان کی ثالثی کے کردار کی نہ صرف امریکی و ایرانی قیادت دل سے معترف ہے بلکہ دنیا بھر کے مبصرین و تجزیہ نگار ثالثی کے تین اہم کرداروں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی شبانہ روز کاوشوں کی تعریف کر رہے ہیں۔

عالمی ذرائع ابلاغ میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کے حوالے سے خصوصی تذکرہ کیا جا رہا ہے کہ امریکا ایران مذاکرات میں انھوں نے کلیدی کردار ادا کیا تھا اور اب دوسرے دور کے مذاکرات کے لیے وہ بہت پرجوش اور سرگرم ہیں، ابھی چند روز پیشتر وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم نے سعودی عرب، قطر اور ترکی کا دورہ کیا تو دوسری جانب فیلڈ مارشل نے ایران کا تین روزہ دورہ کر کے مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے راہیں ہموار کیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کا امریکا ایران مذاکرات میں مرکزی کردار ہے، وہ دونوں ملکوں کو کسی حتمی معاہدے تک پہنچانے کی سنجیدہ اور مخلصانہ کوشش کر رہے ہیں۔

پہلے اسلام آباد مذاکرات میں بھی فیلڈ مارشل عاصم منیر بطور ثالث شریک تھے اور صدر ٹرمپ کے ساتھ ان کے قریبی تعلقات کو اہم سمجھا جا رہا ہے۔ اے ایف پی کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان، امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے وہ برق رفتار سفارتی کوشش کرتے رہے ہیں۔ فیلڈ مارشل نے اپنے سہ روزہ دورہ تہران میں ایرانی قیادت کو امریکا کی تجاویز پہنچائیں۔ رپورٹ کے مطابق 11 اپریل کو اسلام آباد میں ہونے والے پہلے امریکا ایران براہ راست مذاکرات میں فیلڈ مارشل عاصم منیر بطور ثالث شریک تھے۔ پاکستان دونوں ممالک کو مذاکرات کی میز پر واپس لانے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔

پاکستان کی مخلصانہ اور سنجیدہ سفارتی کوششوں اور فیلڈ مارشل کے دورہ تہران کے بعد ہی ایرانی قیادت نے آبنائے ہرمز کو کھولنے کا اعلان کیا تھا۔ توقع یہ کی جا رہی تھی کہ جنگ بندی کی مدت ختم ہونے سے پہلے مذاکرات کے دوسرے دور میں کوئی حتمی نتیجہ برآمد ہو جائے گا اور امریکا و ایران کسی حتمی معاہدے پر پہنچ جائیں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اتوار کو یہ اعلان بھی کر دیا کہ امریکی وفد پاکستان جا رہا ہے اور بدھ کے روز مذاکرات ہوں گے لیکن دوسری جانب ایران نے واضح طور پر کہا کہ وہ امریکا کی جانب سے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی

بغیر مذاکرات سیز فائر قائم

مزمل سہروردی

مذاکرات ناگزیر ہیں۔ مذاکرات امریکا اور ایران دونوں کی ضرورت ہیں۔ لیکن پھر بھی دونوں مذاکرات کی میز پر نہیں آئے۔

مذاکرات ناگزیر ہیں۔ مذاکرات امریکا اور ایران دونوں کی ضرورت ہیں۔ لیکن پھر بھی دونوں مذاکرات کی میز پر نہیں آئے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بغیر مذاکرات اور ڈیڈ لاک کے باوجود سیز فائر میں توسیع ہو گئی ہے۔

اس بار توسیع کی کوئی مدت نہیں ہے۔ پہلا سیز فائر پندرہ دن کے لیے تھا۔ اب کوئی مدت نہیں، یہ لمبا بھی چل سکتا ہے، کل ختم بھی ہو سکتا ہے۔

امریکا کے سیز فائر کے اپنے اہداف ہیں، ایران کے سیز فائر کے اپنے اہداف ہیں۔ لیکن خوبصورت بات یہ ہے کہ دونوں کو سیز فائر قبول ہے۔

دونوں سیز فائر کو چلانا چاہتے ہیں۔

ایران مذاکرات کے لیے نہیں آیا۔ لیکن اس نے سیز فائر میں توسیع قبول کی ہے۔ جس کا صاف مطلب ہے کہ ایران جنگ نہیں چاہتا، وہ امن چاہتا ہے کیونکہ امن سب کی ضرورت ہے۔ جنگ سے تباہی اور بربادی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا، نقصان کسی کو بھی گوارہ نہیں۔ جنگ سے جہاں فوجی نقصان ہوتا ہے وہاں شہری بھی محفوظ نہیں رہتے۔ اب چلائے جانے والے میزائلوں سے فوجی تنصیبات کے ساتھ ساتھ شہری علاقے، اسکول اور اسپتال بھی نشانہ بنتے ہیں۔ میزائلوں کی زد سے کوئی بھی محفوظ نہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ جب دونوں ملک سیز فائر کے لیے تیار ہیں پھر مذاکرات کیوں نہیں ہوئے۔ جب مذاکرات دونوں کی ضرورت ہیں تو پھر مذاکرات کیوں نہیں ہوئے۔ دونوں نے دوبارہ مذاکرات کی میز کیوں نہیں سجائی۔ میں سمجھتا ہوں دونوں انا کے قیدی ہیں۔ انا کی جنگ نے حقیقت کو شکست دی ہے۔ دونوں کو اپنے اپنے ملک میں اپنی اپنی انا قائم رکھنی ہے۔ ایران چاہتا ہے کہ وہ فاتح قرار پائے، امریکا چاہتا ہے کہ وہ فاتح قرار پائے۔ فتح دونوں کی ضرورت ہے اور دونوں کی خواہش ہے۔ دونوں اپنے عوام کے سامنے جواب دہ ہیں لیکن دونوں حقیقی فتح کے لیے جنگ جاری بھی نہیں رکھنا چاہتے۔ جنگ بھی نہیں چاہتے اور فتح بھی چاہتے ہیں۔ اب خواہش ہے کہ لڑے بغیر فتح مل جائے۔ اس لیے دونوں جانب سے میڈیا میں فتح کے جھنڈے گاڑے جا رہے ہیں۔

کوئی بھی شکست کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ بھی دن میں تین چار انٹرویو دیتے ہیں تاکہ اپنی فتح پر امریکی عوام کو قائل کر سکیں۔ جواب میں ایرانی حکام بھی ایسی باتیں کرتے ہیں جس میں وہ اپنی فتح کے جھنڈے گاڑتے ہیں۔ اگر ایرانیوں کو امریکی صدر کی گفتگو سے مسئلہ ہے تو جواب میں امریکی بھی کہہ سکتے ہیں کہ انھیں ایرانی حکام کے بیانات سے پرابلم ہے۔

دونوں طرف ایک جیسی صورتحال ہے، دونوں اپنی اپنی فتح کا اعلان کر رہے ہیں۔ لیکن شائد ایرانی چاہتے ہیں ٹرمپ اپنی فتح کا اعلان نہ کریں۔ صرف انھیں فتح کا اعلان کرنے کا موقع دیا جائے۔ یہ کافی مشکل صورتحال ہے، دونوں کی اپنی اپنی مجبوریاں اور مسائل ہیں۔ امریکا میں بھی انتخابات ہیں، ٹرمپ کی بھی سیاسی ضروریات ہیں۔ جیسے ایرانی پاسداران انقلاب کی بھی سیاسی ضروریات ہیں۔ اب صورتحال یہ ہے کہ دونوں ملک جنگ نہیں چاہتے، مذاکرات چاہتے ہیں لیکن دونوں اپنی اپنی انا کے قیدی بھی ہیں۔ نامکمل جنگ میں دونوں کے پاس فتح نہیں ہے۔ دونوں بس اعلان کرنا چاہتے ہیں۔ دونوں کو حقیقت کا اندازہ ہے، دونوں حقائق سے واقف ہیں۔ لیکن حقیقت سے منہ موڑ رہے ہیں۔ انا کو حقیقت پر غالب آنے دے رہے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ اس مشکل سے کیسے باہر آیا جائے۔ اس مسئلے کا کیا حل نکالا جائے۔ فتح کے چکر میں دونوں امن کو کھونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ فتح کی تلاش میں مذاکرات کی میز کی قربانی دے رہے ہیں جس کی دونوں کو ضرورت ہے۔ لیکن فتح کے لیے مزید لڑنے کے لیے بھی تیار نہیں ہیں۔ ایران کو امریکا کا اعلان کردہ سیز فائر قبول ہے۔

ایران کو نیول بلاکیڈ کے ساتھ سیز فائر قبول ہے تو پھر اس کے ساتھ مذاکرات کیوں قبول نہیں۔ یہ سوال سب پوچھ رہے ہیں۔ آپ یہ شرط تو رکھ رہے ہیں کہ پہلے آبنائے ہرمز میں نیوی کا بلاکیڈ ختم کیا جائے۔ لیکن آپ اس بلاکیڈ کو کھلوانے کے لیے جنگ کے لیے تیار نہیں۔ مزید جنگ سے بچنے کے لیے سیز فائر قبول کر رہے ہیں۔ اس لیے صورتحال دلچسپ بھی ہے اور عجیب بھی ہے، منطق سے اور حقیقت سے دور بھی ہے۔

ایک رائے یہ بھی ہے کہ دونوں طرف صاحب رائے لوگ جنگ بندی کے حق میں ہیں۔ ہم نے دونوں ملک کے صدور کے بھی مذاکرات کے حق میں بیان دیکھے ہیں۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان بھی سفارت کاری کے حق میں بیان دے رہے ہیں۔ ٹرمپ بھی مذاکرات اور ڈیل کی بات کر رہے ہیں۔ دونوں طرف سے یہ اعلان بھی کیا جا رہا ہے کہ نوے فیصد معاملات پر اتفاق ہو چکا ہے۔ پاکستان کے وزیر خارجہ نے بھی یہی کہا ہے کہ ہم معاہدے کے بہت قریب پہنچ چکے ہیں۔ پھر رکاوٹ کیا ہے۔ رکاوٹ انا ہے۔ ان کو قربان کر کے حقیقت میں آنے سے سب ڈر رہے ہیں۔ ایک رائے یہ بھی ہے کہ اسرائیل نہ تو سیز فائر کے حق میں ہے اور نہ ہی اسرائیل کسی طور جنگ بندی چاہتا ہے۔ اسرائیل جنگ جاری رکھنا چاہتا ہے۔ اس لیے جب ایران مذاکرات سے انکار کرتا ہے تو نہ چاہتے ہوئے بھی وہ اسرائیل کی گیم کھیلتا ہے۔ وہ اسرائیل کے اہداف کی تکمیل کرتا ہے۔ اس وقت اسرائیل مذاکرات کے خلاف ہے۔ اس لیے جو بھی مذاکرات کی راہ میں رکاوٹ ڈال رہا ہے وہ اسرائیل کی گیم کھیل رہا ہے۔ اگر ایران میں بھی کچھ لوگ مذاکرات کے خلاف ہیں تو انھیں بھی یہ سمجھانے کی ضرورت ہے کہ آپ اسرائیل کے مفاد کا تحفظ کر رہے ہیں۔ ان کے اپنے دلائل مضبوط ہوں گے، ان کی بات میں وزن ہوگا۔ لیکن ان کے دلائل اور موقف کی وجہ سے فائدہ اسرائیل کا ہو رہا ہے۔ وہ جنگ جاری رکھنے کی بات کر کے کیوں اسرائیل کو فائدہ پہنچا رہے ہیں یہ بات بھی سمجھنے کی ہے۔ ایران کے دباؤ پر لبنان میں سیز فائر ہوا۔ لیکن اب جب ایران نے مذاکرات سے انکار کر دیا تو لبنان کا سیز فائر ختم ہو گیا۔ امریکا کی لبنان سے توجہ ختم ہو گئی۔ نہ پہلے لبنان امریکا کی ترجیح تھا اور نہ اب ہے۔ وہ تو ایران کی وجہ سے لبنان میں سیز فائر کروا رہا تھا۔ اسرائیل کو سیز فائر پر مجبور کر رہا تھا، اسرائیل کو جنگ روکنے پر مجبور کر رہا تھا۔ کیا ایرانیوں کو یہ احساس نہیں کہ ان کے مذاکرات سے انکار کی وجہ سے اسرائیل کو من مرضی کرنے کا دوبارہ موقع مل گیا ہے۔ لبنان میں امن کا موقع بھی ہاتھ سے نکل رہا ہے۔ دیکھا جائے تو ایران کے مذاکرات سے انکار کا اسرائیل کو لبنان میں فائدہ ہو گیا ہے۔ حزب اللہ کو نقصان ہو گیا ہے۔ اس صورتحال کا جائزہ لینے کی بھی ضرورت ہے۔

بہر حال امریکا جنگ نہیں چاہتا۔ ایران جنگ نہیں چاہتا۔ دونوں مذاکرات چاہتے ہیں۔ یہی حقیقت ہے۔ دونوں امن چاہتے ہیں۔ یہی حقیقت ہے۔ لیکن پھنسے ہوئے ہیں۔ اس صورتحال کا کوئی حل نظر نہیں آ رہا۔ اس کا حل مذاکرات کی میز پر ہی نکل سکتا ہے۔ دونوں ایک دوسرے کو ایسا راستہ دیں کہ اپنے اپنے ملک میں جا کر فتح کا جشن منا سکیں۔ لیکن اگر بیٹھیں گے نہیں تو راستہ کیسے دیں گے۔ پھر تو جنگ کے حامی جیت جائیں گے۔ جو دونوں کے لیے ٹھیک نہیں۔ اسی لیے تو میں کہتا ہوں مذاکرات ناگزیر ہیں۔ دونوں کی ضرورت ہیں۔ دونوں سمجھتے ہوئے

نہ آسمان گرا

ڈاکٹر توصیف احمد خان

زمین پھٹی نہ آسمان گرا، سندھ کی ایک اور بیٹی صدیوں پرانی فرسودہ رسم کاروکاری کا شکار ہوگئی۔

زمین پھٹی نہ آسمان گرا، سندھ کی ایک اور بیٹی صدیوں پرانی فرسودہ رسم کاروکاری کا شکار ہوگئی۔ خیرپور کے قریب گاں ٹنڈو مستی میں رشتہ داروں کے ہاتھوں نوجوان لڑکی کے قتل نے ہر سوچنے والے شخص کو افسردہ کر دیا۔ تعلیم کی شرح بڑھنے، خواتین کی زندگی کی دوڑ میں مردوں کے شانہ بشانہ جدوجہد کرنے، خواتین کی معاشی صورتحال بہتر ہونے اور پیپلز پارٹی کی حکومت کے خواتین کو مردوں کے برابر حیثیت دینے کی پالیسی کے باوجود سندھ میں خواتین کے حالات زیادہ بہتر نہیں ہیں۔ سماجی قدریں تبدیل تو ہو رہی ہیں مگر قدامت پرستی کی سندھی معاشرے میں جڑیں اب بھی گہری ہیں۔

ایک اطلاع کے مطابق ٹنڈو مستی کی خالدہ چانڈیو عرف روبینہ چانڈیو نے اپنی پسند کی شادی کی مگر بااثر افراد کے دباؤ پر خالدہ کو والدین کے گھر بھیج دیا گیا۔ خالدہ چانڈیو اپنے گھر واپس آ گئی مگر ظالموں کا دل ٹھنڈا نہ ہوا۔ بقول لڑکی کے باپ کے جرگہ منعقد ہوا۔ جرگے نے یہ رائے دی کہ لڑکی والے ایک ایکڑ زمین اور 20 لاکھ روپے ادا کریں مگر جب لڑکی کے باپ نے یہ جرمانہ ادا نہ کیا تو پھر لڑکی کی جان لینے کا فیصلہ ہوا۔ اخبارات میں شائع ہونے والی رپورٹ کے مطابق خالدہ چانڈیو زوجہ راشد دختر محمد رمضان کو رات کے اندھیرے میں ویران جگہ پر لے جایا گیا۔ لڑکی کے ماموں نے خالدہ کو قریب سے پستول کی گولیاں ماریں۔ خالدہ تڑپ تڑپ کر مر گئی۔

ظالموں نے اس قتل کی وڈیو بنائی، قتل میں لڑکی کا نانا بھی شامل تھا۔ ایک رپورٹ میں یہ لکھا گیا ہے کہ خالدہ چانڈیو کو ایک شخص صدام کے ساتھ کاروکاری کے جھوٹے الزام میں قتل کیا گیا۔ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ صدام کا کیا حشر ہوا۔ پولیس نے خالدہ کے ماموں اور نانا سمیت متعدد افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے اپنی روایت پر عمل کرتے ہوئے جرگہ کی سربراہی کرنے والے افراد کو گرفتار نہیں کیا۔ پولیس والے کہتے ہیں کہ انھیں اطلاع مل گئی تھی کہ خالدہ چانڈیو کو کاروکاری کے الزام میں قتل کیا جا رہا ہے مگر شاید پولیس موقع واردات پر پہنچ نہیں پائی۔ لڑکی کے باپ نے ایک اور کہانی سنائی۔ والد رمضان کا کہنا ہے کہ وہ مزدوری کے لیے کراچی گئے تھے۔

انھیں وہاں اطلاع ملی کہ خالدہ کو ایک لڑکا صدام لے گیا تھا۔ صدام کے گھر گئے تو وہاں نہیں تھی۔ کسی نے کہا کہ لڑکی کا ماموں اس کو لے گیا ہے۔ لڑکی کے باپ رمضان نے پولیس پر الزام لگایا کہ پولیس نے ڈھائی لاکھ روپے رشوت لی اور دوسرے فریق کے کہنے پر ان کے گھر گرا دیے۔ ایک رپورٹ کے مطابق ایف آئی آر میں جرگہ کا ذکر نہیں ہے۔ خالدہ عرف روبینہ چانڈیو کی والدہ نبل خاتون کا کہنا ہے کہ اگر پولیس ان کی بیٹی کو دارالامان منتقل کر دیتی تو ان کی جان بچ جاتی۔

ام رباب چانڈیو جو اپنے والد کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے کئی برسوں سے جدوجہد کر رہی ہے، نے خالدہ چانڈیو قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت، عدالتیں اور انتظامیہ قبائلی سردار جرگہ سسٹم کے ہاتھوں مجبور ہیں۔ ان کا موقف، خالدہ کا قتل، درندگی کی انتہا اور حکمرانوں کی رٹ کو چیلنج کرنے کے مترادف ہے۔ یہ صورتحال لاقانونیت کا واضح اور جیتا جاگتا ثبوت ہے۔

کاروکاری سے متعلق دستیاب مواد سے ظاہر ہوتا ہے کہ صرف 4 برسوں میں 446 خواتین سمیت 149 مرد کاروکاری کی بھینٹ چڑھ گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق 2022 میں کاروکاری کی 102 وارداتیں ہوئیں جن میں 89 خواتین اور 25 مرد ہلاک ہوئے۔

سال 2023 میں کاروکاری کے 151 واقعات ہوئے جن میں 123 خواتین اور 29 مرد جاں بحق کیے گئے۔ سال 2024 میں کاروکاری کے 132 واقعات میں 152 افراد قتل ہوئے۔ قتل ہونے والوں میں 132 خواتین اور 29 مرد شامل ہیں۔

2025 میں اکتوبر تک کے ملنے والے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبہ میں کاروکاری کے 140 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 162 افراد کو قتل کیا گیا۔ ایک بین الاقوامی ایجنسی کے اندازے کے مطابق پورے ملک میں ہر سال 1000 خواتین کاروکاری کے الزام میں قتل کردی جاتی ہیں۔ کاروکاری کے واقعات اپر سندھ کے علاوہ بلوچستان، جنوبی پنجاب اور بلوچستان میں بھی ہوتے ہیں۔ ایک صحافی کا کہنا ہے کہ جو واقعات پولیس میں رپورٹ ہوتے ہیں اعداد و شمار ان کے مطابق مرتب کیے جاتے ہیں۔ بہت سے واقعات پولیس میں رپورٹ ہی نہیں ہوتے۔

کاروکاری کے بارے میں خاصی تحقیق ہوئی ہے اور بہت سی کتابیں بھی لکھی گئی ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیم ایچ آر سی پی کی رہنما سعدیہ بلوچ نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ اپر سندھ میں جب ایک طرف فصل کٹتی ہے تو دوسری طرف عورتوں کے سر کٹتے ہیں۔ زمیندار کاروکاری کے نام پر بیوی کو قتل کرتے ہیں اور پھر شادیاں رچاتے ہیں۔ انھوں نے اس موضوع پر مزید لکھا ہے کہ مرد اپنے مخالفین کو سزا دینے کے لیے اپنی ماں، بیوی یا بیٹی پر کاروکاری کا الزام لگاتے ہیں اور اپنے مخالف اور اپنی عزیزہ کو قتل کر کے گرفتار ہو جاتے ہیں، یوں غیرت کے نام پر قتل کر کے اپنے حلقہ میں معزز ہونے کا اعزاز حاصل کرتے ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ بعض افراد خاص طور پر ہندو برادری کو بلیک میل کرنے کے لیے کاروکاری کا جھوٹا الزام لگاتے ہیں۔

ہندو برادری ایک کمزور برادری کی حیثیت رکھتی ہے۔

اس بنا پر ہندو برادری کے افراد فوری متعلقہ شخص کا مطالبہ پورا کرتے پر تیار ہو جاتے ہیں۔ ایسے موقع پر گاں کے وڈیرے و متعلقہ پولیس اسٹیشن کا کردار منفی ہوتا ہے۔ بعض اوقات کاری قرار دی جانے والی عورت کو وڈیرہ کی حویلی میں بھیج دیا جاتا ہے جہاں اس کا ہر طرح کا استحصال ہوتا ہے۔ عموماً ایف آئی آر مقتولہ کا کوئی قریبی عزیز درج کراتا ہے اور ملازم بھی قریبی عزیز ہوتا ہے۔ عموماً اس صورتحال کا فائدہ ملزم کو ہوتا ہے۔ اگرچہ حکومت نے فوجداری قوانین میں تبدیلی کی ہے۔ اب ریاست ایف آئی آر درج کراتی ہے۔ یوں ملزم کی فوری ضمانت تو نہیں ہوتی مگر جب مقدمہ طویل ہوتا ہے تو پھر گواہ عدالت کے سامنے گواہی نہیں دیتے اور لواحقین اپنے قریبی عزیزوں کو معاف کر دیتے ہیں۔

اس صدی کے پہلے عشرے میں ملتان میں ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ لڑکی کو پسند کی شادی کرنے کے جرم میں قتل کر دیا گیا تھا۔ پہلے تو یہ معاملہ دبا رہا مگر ملتان میں انسانی حقوق کے وکیل راشد رحمٰن نے اس سلسلے میں عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ اس خاندان کی طرف سے سب سے زیادہ معمر شخص نے اقرارِ جرم کیا، یوں دادا کو بعد میں اس کے بیٹے نے معاف کر دیا۔ اگرچہ سندھ ہائی کورٹ نے جرگہ کے انعقاد پر پابندی عائد کی ہوئی ہے مگر پورے سندھ میں جرگے منعقد ہوتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کے وزرا اور اعلیٰ پولیس افسران ان جرگوں میں شرکت کرتے ہیں۔ جرگہ میں کاروکاری کے مقدمات کا فیصلہ ہوتا ہے اور عموماً ملزمان کو جرمانہ عائد کر کے معاف کر دیا جاتا ہے۔ سندھ یونیورسٹی کے اساتذہ کی رہنما ڈاکٹر عرفانہ ملاح نے لکھا ہے کہ اندرونِ سندھ کاروکاری قرار دی جانے والی عورتوں کے علیحدہ قبرستان ہیں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان خواتین کو اسلامی رسومات ادا کیے بغیر ہی دفن کر دیا جاتا ہے۔ سندھ میں ترقی کی رفتار سب سے زیادہ تیز نہیں ہے مگر پھر بھی ترقی کا پہیہ چل رہا ہے۔ سندھی سماج میں اہم تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ اب لڑکیوں کے تعلیم یافتہ ہونے کی شرح میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

توانائی بحران کا حل اور حکومتی اقدامات

محمد سعید آرائیں

وفاقی وزیر توانائی کا بیان کہ پن بجلی کی کمی اور گیس و بجلی کی قلت کی وجہ سے ملک میں توانائی کا بحران پیدا ہوا۔ کنزیومر ایسوسی ایشن آف پاکستان ملک میں سولر سسٹم نصب کر کے بڑے پیمانے پر بجلی پیدا کرنے والوں اور عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت خود توانائی کے بحرانوں کو حل کرنا ہی نہیں چاہتی اور اس سلسلے میں حکومتوں کی غیر سنجیدگی کی وجہ سے گرمیوں ہی میں نہیں، سردیوں میں بھی ملک میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ جاری رہی اور اب گرمیوں میں گیس کی کم کھپت کے باوجود گھریلو صارفین کو ضرورت کے مطابق گیس فراہم نہیں کی جا رہی اور گیس کمپنیاں اپنے گیس فراہمی کے اعلان کردہ شیڈول پر بھی عمل نہیں کر رہیں جس کی وجہ سے ملک بھر میں توانائی کا بحران حل ہونے میں نہیں آ رہا بلکہ مسلسل بڑھ رہا ہے جس سے ہر کوئی پریشان ہے۔

اس بار ملک میں سردی اور ٹھنڈ کا دورانیہ ماضی سے زیادہ رہا اور گرمی میں تیزی آنا شروع ہی ہوئی تھی کہ ملک میں شدید لوڈ شیڈنگ نے بجلی استعمال کرنے والوں کی چیخیں نکلوا دی ہیں اور بعض علاقوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ چودہ پندرہ گھنٹوں تا جا پہنچی ہے تو آنے والے سخت گرمی کے مہینوں میں عوام پر کیا گزرے گی، اس کا حکومت کو کوئی احساس نہیں ہے۔

پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے کے بعد نئی حکومت نے گیس کے بحران پر کہا تھا کہ سابق حکومت نے وقت پر باہر سے گیس نہیں خریدی تھی، نہ گیس خریداری کا معاہدہ کیا تھا جس کی وجہ سے ملک میں گیس کا بحران رہا جس کے بعد بھی عوام کو ضرورت کے مطابق گیس نہیں ملی تھی اور حالیہ توانائی کے بحران کو حکومت حالیہ جنگ سے پیدا ہونے والی عالمی صورت حال کو قرار دے رہی ہے جو حکومت کے خیال میں معقول جواز ہے مگر ایران پر جنگ تو 28 فروری کو مسلط کی گئی مگر سردیوں میں بھی ملک میں گیس ہی کی قلت نہیں بلکہ بجلی کی بھی لوڈ شیڈنگ کی جاتی رہی اور پی ٹی آئی کے بعد آنے والی حکومتوں نے بھی توانائی کے بحرانوں کے حل پر سنجیدگی سے توجہ نہیں دی اور عام حالات میں بھی بجلی و گیس صارفین کو دستیاب نہیں تھی۔

وفاقی وزیر توانائی کا بیان کہ پن بجلی کی کمی اور گیس و بجلی کی قلت کی وجہ سے ملک میں توانائی کا بحران پیدا ہوا۔ کنزیومر ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ توانائی بحران حکومت کی ناقص منصوبہ بندی اور غیر مستقل توانائی پالیسیوں کا نتیجہ ہے اور غلط جواز پیش کیے جا رہے ہیں اور حکومت اپنی غلطیوں کا سارا بوجھ صارفین پر ڈال رہی ہے اور توانائی بحران شدت ابھی سے اختیار کر گیا ہے، مگر حکومت اس مسئلے کو اب بھی سنجیدگی سے لیتی نظر نہیں آ رہی جس کی وجہ سے عوام سخت اذیت میں مبتلا کر دیے گئے ہیں جس کا حکومت کو کوئی احساس نہیں اور غیر حقیقی تاویلیں پیش کی جا رہی ہیں جب کہ حقائق اس کے بالکل برعکس اور واضح نظر آ رہے ہیں۔ وفاقی وزیر توانائی کے بقول بجلی کی موجودہ طلب اٹھارہ ہزار میگاواٹ ہے جب کہ پیداوار اس سے کہیں کم ہے۔

موجودہ حکومت نے ملک میں بجلی کی پیداوار بڑھانے کے لیے سولر انرجی اور نیٹ میٹرنگ بنائی تھی جس پر ملک میں بڑی تعداد میں سرمایہ کاری کے لیے بجلی پیدا کی گئی اور فاضل بجلی دیکھ کر حکومت نے برسوں سے بجلی پیدا نہ کر کے بھی ماہانہ کروڑوں روپے کمانے والوں کے مفاد پر سولر انرجی لگانے والوں کی حوصلہ افزائی کی بجائے اپنی پالیسی ہی تبدیل کر لی جس سے سرمایہ کاری کر کے سولر سسٹم کو فروغ دینے والوں کا نہ صرف نقصان ہوا بلکہ حکومت کی طرف سے بار بار اپنی ہی پالیسی تبدیل کرنے سے حکومت پر عوام کا اعتماد ہی ختم ہو گیا۔

حکومت نے اپنی سولر پالیسی بدلنے پھر وزیر اعظم کی طرف سے ایکشن کے بعد پالیسی تبدیلی سے عوام کا اعتماد مجروح کیا جس کے نتیجے میں ملک میں گرمی شروع ہوتے ہی بجلی کی لوڈ شیڈنگ شروع ہوئی۔ حکومت کی بار بار پالیسی بدلنے سے سولر انرجی سسٹم بری طرح متاثر ہوا۔ لوگوں نے سولر سسٹم میں پھنسنے سے توبہ کر لی اور بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں نے ملک میں بجلی پیداوار کا بحران پیدا کر دیا ہے۔ حکومت کی طرف سے گردشی قرضے ختم ہونے کے صرف دعوے ہوئے اور ملک لوٹنے والی بجلی کمپنیوں کے ساتھ حکومت نے معاہدے بھی کیے مگر ملک میں بجلی کے نرخ کیا کم ہوتے بجلی کی قلت پیدا کر کے لوڈ شیڈنگ بڑھا دی گئی ہے۔

بجلی پیداوار میں اضافے سے شارٹ فال تین ہزار میگاواٹ رہ گیا ہے اور ڈیمز سے پانی کا اخراج بڑھنے سے بجلی کی پیداوار ضرور بڑھی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایل این جی ملنے سے لوڈ مینجمنٹ میں بہتری آئی جس کے نتیجے میں صرف اسلام آباد میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ ختم ہوئی جو مذاکراتی ماحول میں حکومت کی اشد ضرورت ہے۔ حکومت کی مہربانیاں بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں پر مسلسل اس لیے جاری ہیں کہ ان کے مالکان کا تعلق ملک کی بڑی سیاسی پارٹیوں سے ہے مگر حکومت ان کے مفادات کو ترجیح دیتی ہے اور نجی طور پر سولر انرجی پیداوار بڑھانے والوں کو اپنی بار بار پالیسی بدل کر نقصان پہنچاتی آ رہی ہے۔

ایک طرف چینی ماہرین نے سورج کی حرارت ذخیرہ کرنے کا حل ڈھونڈ لیا ہے جس سے رات کے وقت بھی سولر سے بجلی کی پیداوار یقینی ہو جائے گی مگر پاکستان میں حکومت دن کی روشنی میں سولر سے بجلی کی پیداوار صرف اپنی ضرورت کے لیے استعمال کرنے والوں کو سہولت نہیں دے رہی بلکہ پہلے والوں ہی کی حوصلہ شکنی کر رہی ہے۔ کنزیومر ایسوسی ایشن کی تجویز پر حکومت کو فوری توجہ دے کر بینکوں اور مالیاتی اداروں کو ہدایت دینی چاہیے کہ وہ گھروں، دفاتر، تجارتی مراکز اور صنعتوں میں سولر سسٹم لگانے کے لیے زیرو فی صد مارک اپ قرضے فراہم کیے جائیں حکومت اس سلسلے کو اس لیے شروع نہیں کرے گی کہ ملک بجلی کی پیداوار میں خود کفیل نہ ہو جائے اور توانائی بحران حل ہو۔ حکومت اس سلسلے میں پٹرول کی طلب زیادہ ہونے کا جواز پیش کرے گی جو عارضی ہے مگر بجلی پیداوار بڑھنے سے حکومتی افراد کی بجلی کمپنیوں کی فاضل کمائی ماری جائے گی جو بجلی مہنگی کر کے فراہم کی جا رہی ہے۔

ملک میں توانائی کے نئے ذخائر کی دریافت

محمد ابراہیم خلیل

پاکستان میں بہنے والے دریا لاکھوں سال سے بہتے ہوئے زندہ داستان کی مثال ہیں

پاکستان کی معیشت ایک ایسے پہیے کی مانند ہے جو بجلی کے بغیر گھوم نہیں سکتا، کیونکہ جب کارخانہ رک جاتا ہے تو برآمدات میں کمی ہو جاتی ہے، ڈالرز کی کمی ہو جاتی ہے، زرمبادلہ کے ذخائر کم ہو جاتے ہیں، معیشت کمزور ہو جاتی ہے اور یوں ملک قرضوں میں ڈوبتا چلا جاتا ہے۔ حال ہی میں شائع شدہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ملک میں اکیاسی ہزار ارب روپے کا قرض ہونے کے باعث ہر شہری سوا تین لاکھ روپے کا قرض دار بن چکا ہے۔

ایک بات ہے کہ حکمران ہمیں یاد رکھیں نہ رکھیں لیکن قرض دینے والوں کو یہ عوام کی غربت، مجبوری کا احساس ہوتا ہے لہٰذا وہ جب بھی قرض دیتے ہیں حکومت قرض دار کا نام پاکستانی عوام ہی لکھواتی ہے۔

اسی لیے اسے پورے پاکستانی عوام کے مشترکہ کھاتے کے تحت جب تقسیم کیا گیا تو فی شہری سوا تین لاکھ کا مقروض نکلا۔ ہماری بجلی کی پیداوار کا مسئلہ بھارت کے منفی جابرانہ اور غیر منصفانہ رویے سے جڑا ہوا ہے۔

بھارت نے ہمارے تمام دریاں پر اپنا کنٹرول بڑھا لیا ہے اور جب پانی رک جاتا ہے تو صرف کھیت ہی نہیں سوکھتے معیشت بھی سوکھ جاتی ہے اور پاکستان اپنی معیشت کی جنگ گولیوں سے نہیں پانی سے لڑ رہا ہے اور بھارت آبی دہشت گردی کو اپنے حق میں خوب استعمال کر رہا ہے۔ پاکستان میں بہنے والے دریا لاکھوں سال سے بہتے ہوئے زندہ داستان کی مثال ہیں، کیونکہ یہ دریا کسی نقشے پر کھنچی ہوئی لکیر نہیں بلکہ وہ ایک سانس لیتا ہوا وجود ہے جو پہاڑوں کی گود سے نکلتا ہے، میدانوں کی پیشانی کو چومتا ہے۔ پنجاب کے دریاں کی سندھو دریا سے محبت کی کہانی بے مثال بھی ہے اور لازوال بھی ہے۔

یہ پنج آب، پنجند کے مقام پر اکٹھے ہوتے ہیں اور پھر سمندر میں جانے سے پہلے دریائے سندھ کی آغوش میں چلے جاتے ہیں۔ یہ وہ دریا ہیں جو اپنے آخری مقام سے پہلے ہزاروں میل دور برف پوش پہاڑوں کے بیچ ایک ننھی سی دھار کی صورت جنم لیتے ہیں اور یہ دھار آگے چل کر دریا کی شکل اختیار کر لیتی ہے جو کھیتوں کو سیراب کرتا ہے۔ اس پر بند باندھ کر ڈیمز تعمیر کر کے سستی ترین بجلی حاصل کرتے ہیں جو شہروں اور دیہاتوں کو زندگی دیتا ہے لیکن جب ہم ان دریاں کو صرف پانی سمجھ لیتے ہیں تو ان کی روح کو کھو دیتے ہیں جس سے کھیت پیاسے رہ جاتے ہیں، بجلی کے خواب ادھورے رہ جاتے ہیں اور لوڈ شیڈنگ کے عذاب مقدر میں لکھ دیے جاتے ہیں۔

پاکستان کی طرف آنے والے تمام دریا جو ہمیں پانی دیتے ہیں، زمین کو زرخیز بناتے ہیں، زندگی کو آگے بڑھاتے ہیں مگر بھارت کی آبی دہشت گردی کے باعث یہ دریا ہم سے دور ہوتے چلے جا رہے ہیں اس کے بوند بوند پانی کو ہم ترس رہے ہیں، ہمارے کھیت کھلیان ان کی راہ تک رہے ہیں۔ پاکستان میں پانی کے ذریعے بجلی کی پیداوار صرف 27 فی صد ہے اور دیگر مہنگے ذرائع سے بجلی حاصل کی جا رہی ہے۔ 1994 میں جب آئی پی پیز نے پاکستان میں قدم رکھا تو ہم نے مہنگے معاہدے کیے، خطے کے دیگر ممالک نے ہم سے کہیں سستے نرخوں پر معاہدے کیے بس جب سے ہماری بجلی مہنگی سے مہنگی ہوتی چلی جا رہی ہے۔ دوسرا اہم سبب یہ ہے کہ جب سے ہم آئی ایم ایف کے ساتھ جڑے ہیں اس کی طرف سے پہلا نسخہ ہی یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ بجلی کے نرخ بڑھا۔ اب ان سب باتوں کا یہ نتیجہ نکل رہا ہے کہ بجلی مہنگی ہوتی چلی جا رہی ہے۔

ان دنوں مہنگائی 12 فی صد نوٹ کی جا رہی ہے۔ بجلی کے نرخ میں اضافہ بھی متوقع ہے۔ اس کے علاوہ گیس مہنگی کرنے کی تجویز دی جا رہی ہے۔ دوسری طرف یہ خبر بھی سامنے آ گئی ہے کہ کوہاٹ کے علاقے میں تیل و گیس کے وسیع ذخائر دریافت ہو چکے ہیں۔ ماہرین کا خیال ہے کہ یہ دریافت پاکستان کے توانائی بحران کو کم کرنے میں مددگار ہو سکتی ہے، لیکن ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ ماضی کی کئی دریافتوں کی طرح فائلوں، بیوروکریسی اور تاخیری حربوں کے اندھیروں میں نہ گم ہو جائے، اگر یہ منصوبہ شفافیت کے ساتھ آگے بڑھا تو درآمدی بل میں کمی ہوگی، صنعتی پہیہ تیز ہوگا، یہ دریافت ہمیں ایک موقع دے رہی ہے کہ اپنی پالیسیوں کو بہتر سے بہتر بنائیں اور اس ملک کو اندھیروں سے روشنیوں کی طرف لے کر جائیں۔

کوہاٹ کی زمین نے تو اپنا خزانہ دے دیا ہے اب یہ حکومت پر منحصر ہے کہ کتنی جلدی ان ذخائر سے قوم کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ ورنہ اس طرح کے اعلانات پہلے بھی ہوتے رہے اور بڑے بڑے دعوے بھی کیے جاتے رہے لیکن ملک میں تیل اور گیس کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ نہیں دیکھا جاتا ہے، اگرچہ اس کنویں کے متعلق بتایا جا رہا ہے کہ حکومت نے اپنی زبردست سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے اور پیداوار میں اضافے کے لیے متحرک ہو چکی ہے۔ امید ہے کہ ملک کی توانائی کی ترقی کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ 1

مطابق ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی ڈاکٹر احسن اقبال، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے عوامی جمہوریہ چین کے صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم لی چیانگ کیلئے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ پاکستان اور چین کے دوطرفہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان کو چین کے ساتھ سٹریٹجک شراکت داری پر فخر ہے۔انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ وہ چینی قیادت کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھیں گے تاکہ یہ تعلقات مزید مضبوط سے مضبوط تر ہوں۔ ملاقات کے دوران مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور پاکستان کی امن کوششوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔چینی سفیر نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور خطے میں دیرپا امن کے لیے پاکستان کی سفارتی کاوشوں کو سراہا۔انہوں نے صدر شی جن پنگ کے وژن کے مطابق پاکستان کے ساتھ آہنی دوستی کو مزید مستحکم کرنے اور اسے نئی بلندیوں تک لے جانے کے چین کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 2

آف ایکسلینس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم کا باقاعدہ افتتاح کردیا افتتاحی تقریب میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، اراکین اسمبلی اعلیٰ سرکاری حکام اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی جہاں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات نے سینٹر کے اغراض و مقاصد، تحقیقی دائرہ کار اور آئندہ کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ سینٹر تحقیق کے ذریعے نوجوانوں کو درپیش مسائل کو اجاگر کرے گا اور ان کے حل کے لیے ٹھوس بنیاد فراہم کرے گا انہوں نے واضح کیا کہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے جبکہ پرتشدد سوچ اور انتہا پسندانہ بیانیوں کی حوصلہ شکنی کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس اہم اقدام کو عملی جامہ پہنانے پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور متعلقہ انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینٹر کے افتتاح کے بعد نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کوئٹہ کیمپس کے ایڈمن بلاک پہنچے جہاں انہوں نے پودا لگایا اور ایک اجلاس کی صدارت کی اس دورے کے موقع پر جامعہ کے طلبہ سے یوتھ ڈائیلاگ سیشن میں خطاب کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ وہ پاکستان کے ایک معیاری تعلیمی ادارے میں مستقبل کے معماروں سے مخاطب ہیں انہوں نے زور دیا کہ نوجوانوں کو تصور اور حقائق میں فرق سمجھنے کے لیے عملی تحقیق کو اپنانا ہوگا انہوں نے کہا کہ پاکستان سمیت پورا معاشرہ پروپیگنڈا بیانیوں کے چیلنجز سے دوچار ہے اور ریاست پاکستان کے خلاف منظم منفی پروپیگنڈے میں وہ عناصر ملوث ہیں جنہوں نے ابتدا ہی سے پاکستان کو تسلیم نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ حقائق کی نسبت تصورات زیادہ تیزی سے پھیلتے ہیں جس کے باعث بلوچستان سے متعلق حقیقت اور تاثر میں واضح فرق پیدا ہو جاتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں بلوچستان کی ایک خوبصورت اور مثبت کہانی موجود ہے تاہم چند عناصر نے ان تاریخی حقائق کو مسخ کرکے پیش کیا میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ بلوچستان سے متعلق حقائق اور ریاستی بیانیے پر ہر سطح پر مکالمے کے لیے تیار ہیں انہوں نے اپنے ذاتی تجربات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ان پر 17 مہلک حملے ہو چکے ہیں تاہم وہ ریاست کے دفاع کے لیے مزید سترہ سو حملوں کے لئے تیار ہیں انہوں نے طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ بلا جھجک سوال کریں اور ہر سوال کا جواب دلیل اور حقائق کی بنیاد پر دیا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر زور دیا کہ میرٹوکریسی اور مسلسل مکالمے کے ذریعے نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود خلیج کو ختم کیا جا سکتا ہے اس موقع پر انہوں نے طلبہ و طالبات کے ساتھ چار گھنٹوں سے زائد طویل نشست میں بھرپور مکالمہ کیا اور یقین دہانی کرائی کہ وہ ہر بچے اور ہر بیٹی کے سوال کا جواب دیے بغیر نہیں جائیں گے مکالمے کے دوران کھل کر سوالات کی حوصلہ افزائی کے لیے کیمرے بند کروائے گئے جبکہ وزیراعلیٰ نے اپنے ذاتی عملے کو بھی دیگر مصروفیات کی یاد دہانی سے روک دیا تاکہ وہ مکمل توجہ کے ساتھ نوجوانوں کے ساتھ بات چیت جاری رکھ سکیں یوتھ ڈائیلاگ کے اس سیشن میں طلباء نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے تاریخی، سماجی ،سیاسی، انتظامی امور، حکومتی اقدامات سمیت مختلف تلخ وشیریں سوالات کئے جن کا وزیراعلیٰ بلوچستان نے صبر وتحمل اور دلیل سے مفصل جواب دیا

بقیہ 3

ورزیاں مسلسل جاری ہیں، مودی کے زیر اثر گودی میڈیا مسلمانوں کو ملک دشمن قرار دے کر زہریلا پروپیگنڈا پھیلانے میں مصروف ہے، جبکہ پہلگام فالس فلیگ کے بعد ہندوتوا مہم کے تحت اقلیتوں کی عبادت گاہوں بالخصوص مسلمانوں کی مساجد اور دکانوں کو بے دردی سے مسمار کیا گیا۔علاوہ ازیں، پہلگام کی آڑ میں مودی کے فاشسٹ نظریہ کے تحت پلوامہ اور کلگام جیسے مقبوضہ کشمیر کے بیشتر علاقوں میں نہتے مسلمانوں کے گھروں کو زمین بوس کردیا گیا اور بھارت میں مسلمانوں کیخلاف پُرتشدد حملوں، جھوٹے مقدمات اور گرفتاریوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔عالمی ماہرین کے مطابق مذموم سیاسی عزائم کی تکمیل کیلئے پہلگام جیسے فالس فلیگ آپریشنز بی جے پی کا وطیرہ ہیں، جبکہ بی جے پی کے اقتدار میں آنے کے بعد سے بھارت میں مسلم مخالف رجحان میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوا ہے، دہائیوں سے امتیازی سلوک کے شکار بھارتی مسلمانوں کی زندگی بی جے پی حکومت میں مزید بدتر ہوگئی ہے۔

بقیہ 4

محسن نقوی نے جنگ بندی میں توسیع کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقدام کو سراہا۔محسن نقوی کا کہنا تھا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی میں توسیع خوش آئند ہے، یہ قدم کشیدگی میں کمی کی جانب اہم پیش رفت ہے، ایران کی جانب سے بھی مثبت پیش رفت کی امید ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر مسئلے کے حل کیلئے ہر سطح پر بھرپور کوششیں کررہے ہیں، امید ہے کہ فریقین سفارتی اور پرامن حل کو موقع دیں گے نیٹلی بیکر نے خطے میں قیام امن اور تنازعہ کے حل کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔

بقیہ 5

اٹھایا تھا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائیریکٹر جنرل کا کہنا تھا کہ ہم اس واقعہ کے حقائق پر جائیں گے، الزامات پرنہیں، اگر الزام یہ ہے کہ یہ واقعہ پاکستانی سرزمین سے نام نہاد دہشت گردوں نے کیا تو یہ مدنظر رکھا جائے کہ پہلگام کسی بھی پاکستانی قصبے سے 200 کلومیٹر سے زیادہ دور ہے۔انہون نے کہا کہ یہ کوئی ایسا ہموار علاقہ نہیں جو سفر کیلئے آسان ہو اور نہ ہی یہاں ایسی سڑکیں ہیں جو ہر موسم میں کھلی رہ سکیں، جائے وقوعہ سے پولیس سٹیشن تک پہنچنے میں کم از کم آدھا گھنٹہ لگتا ہے، ایف آئی آر کے مطابق 10 منٹ میں پولیس کا پہنچنا اور واپس آکر رپورٹ درج کرنا سوالیہ نشان ہے، جس سے تیاری کا شبہ پیدا ہوتا ہے۔یہ بھی بتایا گیا تھا کہ بھارتی انٹیلی جنس کو واقعہ کی پیشگی اطلاع نہیں تھی، لیکن واقعہ کے فوراً بعد 10 منٹ میں یہ دعوی سامنے آ گیا کہ حملہ آور سرحد پار سے آئے تھے۔انہوں نے واضح کیا تھا کہ ایک بیانیہ بنایا جا رہا ہے کہ یہ کارروائی مذہب کی بنیاد پر ہوئی اور مسلمانوں کو چھوڑ کر ہندوؤں کو نشانہ بنایا گیا، پہلگام کا واقعہ بھارتی انٹیلی جنس اور سیکیورٹی اداروں کی ناکامی کی وجہ سے پیش آیا، واقعہ کچھ ہی دیر بعد یہ بھی کہا جانے لگا کہ دہشت گرد مسلمان تھے جنہوں نے سیاحوں کو قتل کیا۔ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، نہ مسلمان، نہ عیسائی اور نہ ہندو دہشت گرد ہوتا ہے، یہ کہنا درست نہیں کہ صرف ہندوں کو نشانہ بنایا گیا۔انہوں نے میڈیا کے سامنے کہا کہ پہلگام فالس فلیگ پر صرف ہم نہیں بلکہ بھارت کے اندر سے بھی آوازیں اٹھ رہی ہیں، واقعہ کے فوراً بعد بھارت کے مخصوص سوشل میڈیا ہینڈلز نے خبر بریک کرنا شروع کر دی، بھارتی ایجنسیوں سے منسلک ہینڈلز نے محض 5 منٹ میں ملبہ پاکستان پر ڈال دیا۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے یہ بھی کہا کہ پہلگام فالس فلیگ کے بعد بغیر کسی ثبوت پاکستان پر پراکسیز کے ذریعے حملے کا الزام لگایا گیا،ڈی جی آئی ایس پی آر نے پریس کانفرنس میں ٹھوس ثبوتوں کیساتھ حقائق سامنے رکھے اور بھارتی فالس فلیگ کے ڈرامے کو بے نقاب کیا۔

بقیہ 6

عالمی کمپنیوں سے 3 ایل این جی کارگوز کیلئے بڈز طلب کرلیں۔پی ایل این جی کے مطابق بڈز 24 اپریل تک طلب کی گئی ہیں، ایل این جی کارگوز کیلئے بڈز 24 اپریل کو ہی اوپن کی جائیں گی۔پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے کہا کہ تین کارگوز کی بڈز اپریل اور مئی کیلئے طلب کی گئی ہیں، پہلے کارگو کی سپلائی 27 سے 30 اپریل کیلئے ہوگی، دوسرے کارگو کی سپلائی یکم سے 7 مئی تک ہوگی، تیسرے کارگو کی سپلائی 8 سے 14 مئی تک رکھی گئی ہے۔

بقیہ 7

ہے۔عالمی یوم کتاب منانے کا مقصد کتاب بینی کے شوق کو فروغ دینا اور اچھی کتابیں تحریر کرنے والے مصنفین کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔کتب بینی کے فروغ نہ پانے کی وجوہات میں کم شرح خواندگی، صارفین کی کم قوت خرید، حصول معلومات کیلئے موبائل، انٹرنیٹ اور الیکٹرونک میڈیا کا بڑھتا ہوا استعمال، اچھی کتابوں کا کم ہوتا ہوا رجحان، حکومتی عدم سرپرستی اور لائبریریوں کیلئے مناسب وسائل کی عدم فراہمی کے علاوہ خاندان اور تعلیمی اداروں کی طرف سے کتب بینی کے فروغ کی کوششوں کا نہ ہونا بھی شامل ہے۔عالمی یوم کتاب کے موقع پر بک سیلرز اور پبلشرز کتابوں پر زیادہ ڈسکاؤ؟نٹ دے کر اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، بہت ساری کتابیں مفت بھی تقسیم کرسکتے ہیں۔واضح رہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران کے دارالحکومت تہران میں ہر سال کتاب میلہ لگتا ہے جو تقریباً دو ہفتے تک جاری رہتا ہے اور اس کتاب میلے میں 2 ہزار سے زائد ملکی اور غیر ملکی ناشرین شرکت کرتے ہیں اور 50 فیصد تک ڈسکاونٹ دیا جاتا ہے۔اس موقع پر قوم کے نام پیغامات میں صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کتاب انسان کی بہترین دوست ہے، ہر دور میں رہنمائی میں کرتی ہے، پاکستان میں مطالعہ کے کلچر کو فروغ دینا قومی ترقی کے لیے ضروری ہے۔عالمی یوم کتاب پر صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ کتابیں علم و آگہی کا سب سے مستند ذریعہ ہیں، مطالعہ ہی ترقی کی بنیاد ہے، عالمی یوم کتاب ہمیں علم، شعور اور فکری بیداری کی اہمیت یاد دلاتا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے دور میں بھی کتابوں کی اہمیت کم نہیں بلکہ پہلے سے زیادہ ہوچکی ہے، نئی نسل میں مطالعہ کی عادت کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، کتاب انسان کی بہترین دوست ہے جو ہر دور میں رہنمائی فراہم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ معاشرتی مسائل کے حل کے لیے کتابوں کا مطالعہ ناگزیر ہے، گہرائی سے پڑھنے اور سوچنے والے افراد ہی مستقبل میں نمایاں ہوں گے، کتابیں خود آگاہی، کردار سازی اور مثبت سوچ کو فروغ دیتی ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی شاندار ادبی روایات، علمی ورثہ اور علم و دانش، قومی ترقی کے بنیادی ستون ہیں۔کلاسیکی علوم سے لے کر جدید ادب تک، ہمارے ادیب اور دانشوروں نے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں جو آج بھی نئی نسل کے لیے مشعل راہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل میں مطالعہ کے رجحان کو فروغ دینا اور معیاری کتب تک رسائی کو یقینی بنانا نہایت ضروری ہے تا کہ ان کی بطور باشعور اور ذمہ دار شہری کے تربیت کی جاسکے۔

بقیہ 8

ذیشان علی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے وزیراعظم سے ملاقات کی۔ملاقات میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، معاون خصوصی سید طارق فاطمی، سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ اور چیئرمین سپارکو محمد یوسف خان، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائیڈونگ اور سپارکو کے خلاباز اتاشی حسنین افتخار بھی موجود تھے۔وزیراعظم نے خلابازوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان خلا بازوں اور خلاباز اتاشی سے مل کر دلی مسرت ہوئی ہے، آپ کا خلائی مشن پر تحقیق کیلئے جانا پاکستان کیلئے ایک اہم سنگ میل اور مجھ سمیت پوری قوم کیلئے قابل فخر امر ہے، پراعتماد ہوں کہ آپ پاکستان کی تاریخ میں ایک نیا باب لکھنے جا رہے ہیں، شبانہ روز محنت کی بدولت آپ نے یہ مقام حاصل کیا جو قابل ستائش ہے، چینی تعاون سے خلائی تحقیق کا سفر دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات میں نئی جہتوں کا اضافہ کرے گا۔وزیراعظم نے چین کے سفیر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خلائی تحقیق میں پاکستان اور چین کے تعاون سے دونوں ممالک کی دوستی آسمان کی بلندیوں کو چھوتے ہوئے ستاروں پر کمند ڈالنے کیلئے تیار ہے۔چین کے سفیر نے وزیراعظم کی گفتگو کا خیر مقدم کیا اور دونوں ممالک کے خلائی تحقیق میں تعاون کو خوش آئند قرار دیا۔خلابازوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کیلئے خلاء میں تحقیق کے فرائض سرانجام دینا باعث عزت، منفرد اعزاز اور باعث افتخار ہے، محنت اور لگن سے قوم کی امیدوں پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

بقیہ 9

پیش کیا گیا ہے۔عوام کے جذبات سے لبریز یہ نغمہ "وطن کی خاطر "معرکہ حق کے شیر دل ہیروز کی جرت، بہادری اور دشمن پر طاری ہیبت کی بھرپور عکاسی کرتا ہے، نغمے کے سحر انگیز بول پاکستان کی ناقابل تسخیر عسکری قوت اور افواجِ پاکستان کے جذبہ ایمانی کا دلکش امتزاج پیش کرتے ہیں۔"وطن کی خاطر جئیں مریں گے "جیسے ولولہ انگیز الفاظ پاک فوج کے بہادر اور جری سپاہیوں کے لازوال جوش و جذبہ کو اجاگر کرتے ہیں، جبکہ نغمے کی ہر دھن میں ان غازیوں کی للکار سنائی دیتی ہے، جن کے فولادی قدموں کی گونج سے دشمن کے ایوان لرز اٹھتے ہیں۔مزید برآں، یہ روح پرور ملی نغمہ ایک واضح پیغام اور للکار ہے کہ پاک فوج قوم کے شانہ بشانہ، ہر لحمہ دشمن کو کاری ضرب لگانے کیلئے تیار ہے۔

بقیہ 10

نے کہا کہ بظاہر یہ منصوبہ چھوٹا محسوس ہوسکتا ہے، تاہم یہ بلیوا کانومی میں تیز رفتار ترقی کے لیے محرک ثابت ہوگا۔اگر اسے مؤثر انداز میں نافذ کیا گیا تو فشریز کے شعبے کو اربوں ڈالر کی صنعت میں تبدیل کیا جاسکتا ہے اور یہ جدید ایکوا کلچر کے لیے ایک مثالی مرکز بن سکتا ہے۔منصوبے کے تحت یہ مرکز ایک جامع ''ایکوا ایکو سسٹم'' کے طور پر کام کرے گا، جہاں مچھلی کے مکمل سپلائی چین کو یکجا کیا جائے گا جس میں شکار، فارمنگ، لینڈنگ، نیلامی، نگرانی، ٹیسٹنگ، پروسیسنگ، پیکنگ اور برآمدات شامل ہوں گی۔اس کے ساتھ تحقیق اور تربیت کی سہولیات فراہم کی جائیں گی، جن میں ہیچریز، ایکوا کلچر ٹرائلز، کوالٹی لیبارٹریز، تربیتی پروگرامز اور جدید ٹیکنالوجی کے مظاہرے شامل ہوں گے۔جنید انوار چوہدری کے مطابق یہ مرکز فیڈ ایفیشنسی، بیماریوں پر قابو، افزائش نسل اور پیداوار میں اضافے کے لیے تحقیق پر مبنی اقدامات کو فروغ دیگا جس سے ماہی گیر، کسان، کاروباری افراد، طلبہ اور صنعت سے وابستہ افراد مستفید ہوں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ منصوبے پر عملدرآمد کے لیے پائلٹ منصوبے، توسیعی خدمات اور جامعات، بین الاقوامی اداروں، این جی اوز اور نجی سرمایہ کاروں کے ساتھ شراکت داری کی جائے گی، جبکہ جھینگا، تیلاپیا، سی باس اور پومفریٹ اہم اقسام ہوں گی۔وفاقی وزیر نے کہا کہ اس منصوبے سے ویلیو چین میں بہتری، سمندری خوراک کی برآمدات میں اضافہ، شعبے کی آمدن میں بہتری اور فارمنگ، پروسیسنگ، لاجسٹکس اور تحقیق کے شعبوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔انہوں نے بتایا کہ پائیداری کے لیے کنٹرولڈ فارمنگ، اسٹاک مینجمنٹ، فضلے پر قابو اور مسکن کے تحفظ جیسے اقدامات شامل ہوں گے، تاہم پانی کی آلودگی، بیماریوں کے پھیلاؤ اور ماحولیاتی بگاڑ جیسے خطرات سے بھی خبردار کیا۔وزیر بحری امور نے کہا کہ اس منصوبے میں جدید ری سرکولیٹنگ ایکوا کلچر سسٹمز متعارف کرائے جائیں گے، جن کے ذریعے سینسرز، خودکار نظام اور ریئل ٹائم تجزیات کی مدد سے مچھلی کی افزائش کی جائے گی اور پانی کو دوبارہ استعمال میں لاکر ضیاع کم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کا طویل المدتی ہدف ایک پائیدار، برآمدات پر مبنی اور خطے میں نمایاں حیثیت رکھنے والا ایکوا کلچر مرکز قائم کرنا ہے، جو مضبوط بلیوا کانومی کے ذریعے معاشی ترقی کو تقویت دے گا۔

بقیہ 11

منعقد ہوا۔اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار کاکڑ، چیئرمین پبلک اکاونٹس کمیٹی اصغر ترین، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ اور ڈی سی پشین نے شرکت کی، جبکہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور رکن اسمبلی زمرک خان اچکزئی آن لائن شریک ہوئے۔اجلاس کے دوران کاریزات کو ضلع بنانے سے متعلق منتخب نمائندوں کی تجاویز اور مختلف سیاسی جماعتوں کی سفارشات پر تفصیلی غور خوض کیا گیا۔اس موقع پر وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ حکومتی کمیٹی تمام انتظامی وجغرافیائی پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہے اور جلد ایک جامع رپورٹ مرتب کی جائے گی، جس کی روشنی میں کاریزات کو ضلع کا درجہ دینے کے حوالے سے حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ عوام کی سہولت اور انتظامی امور کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 12

میں 13,812 زرعی لاس کے ذریعے 88,780 خاندان مستفید ہوں گے، جبکہ چولستان کے علاقے میں 16,685 لاٹس مختص کی گئی ہیں جن سے 101,111 خاندانوں کو فائدہ پہنچے گا، مجموعی طور پر ایک لاکھ 24 ہزار ایکڑ سے زائد زرعی زمین فراہم کی جارہی ہے۔حکومت کے مطابق سکیم کے تحت ہر کامیاب امیدوار کو 25 سے 40 لاکھ روپے مالیت کی زرعی اراضی کاشت کیلئے دی جائے گی، جبکہ آبادکاری کیلئے فی ایکڑ 50 ہزار سے ڈھائی لاکھ روپے تک کی ون ٹائم گرانٹ بھی فراہم کی جائے گی۔ڈسٹرکٹ میں اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم" کیلئے 43938 ایریاز اور چولستان میں 83425 ایریاز، آبپاشی اور زرخیزی کو مدنظر رکھ کر نشاندہی کی گئی ہے۔یہ اراضی بیروزگار دیہاتی کاشتکاروں کو 10 سال کیلئے فراہم کی جائے گی اور اس کا استعمال صرف زرعی مقاصد کیلئے ہوگا، کسی بھی قسم کی پختہ تعمیرات کی اجازت نہیں ہوگی، کاشتکار اپنی مرضی کی فصل اگانے کے مجاز ہوں گے، جبکہ ہر لاٹ کے ساتھ ایگریکلچر افسر اور زرعی انٹرنی بھی تعینات کئے جائیں گے تاکہ فنی رہنمائی فراہم کی جا سکے۔اسسٹنٹ کمشنر اور محکمہ زراعت کے افسران پر مشتمل کمیٹی سال میں دو مرتبہ زمینوں کا معائنہ کرے گی اور کاشت کے عمل کا جائزہ لے گی۔حکام کا کہنا ہے کہ ''اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم'' دیہی غربت کے خاتمے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور زرعی پیداوار میں اضافے کی جانب ایک انقلابی قدم ثابت ہوگی۔

بقیہ 13

ہزارٹن ہائی سلفر فیول آئل لے کر جبکہ ایم ٹی پی ایلی 73 ہزار ٹن کروڈ آئل لے کر کراچی پورٹ پہنچ گیا۔اس کے علاوہ ایم ٹی کلیئر اوشین اپولن کروڈ آئل لے کر اور ایم ٹی شالیمار داس آئی لینڈ خام تیل کے ساتھ کل کراچی پورٹ پر لنگر انداز ہوگا۔رپورٹ کے مطابق ایم ٹی لاہور فیرہ سے خام تیل لے کر کراچی کیلئے روانہ ہوچکا ہے، ایم ٹی ایوا گولڈ پیٹرولیم مصنوعات ایتھانول لوڈ کر کے ٹوٹیکورن روانہ ہوگیا، کے پی ٹی آئل ٹرمینل پر آئل سلائی آپریشن معمول کے مطابق جاری ہے۔

بقیہ 14

گڈاپ سٹی کے علاقے سپر ہائی وے پر لکی سمنٹ فیکٹری کے قریب مزدا ٹرک اور ٹریلر میں تصادم کے نتیجے میں مزدا ٹرک میں سوار ایک شخص جاں بحق ہوگیا، جس کی لاش ایمبولینس کے ذریعے گڈاپ سٹی تھانے لائی گئی جہاں سے قانونی کارروائی کے بعد عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی۔ترجمان ایدھی کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت مزدا ٹرک کے کلینر 37 سالہ اکبر علی ولد اعجاز آصف کے نام سے کی گئی۔دوسری جانب سائٹ سپر ہائی وے نیوسبزی منڈی معمار موڑ کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے ایک 45 سالہ راہگیر خاتون جاں بحق ہوگئی، جس کی لاش ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی۔پولیس کے مطابق جاں بحق خاتون کی فوری طور پر شناخت نہیں ہوسکی۔ادھر کورنگی کے علاقے عوامی کالونی ساڑھے 5 نمبر میں تاج شادی ہال کے قریب ایک خاتون موٹر سائیکل سے گر کر جاں بحق ہوگئی، جس کی لاش چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کی گئی۔پولیس کے مطابق خاتون کی شناخت 45 سالہ فوزیہ زوجہ یونس کے نام سے کی گئی ہے جو کورنگی کی رہائشی تھیں۔حادثہ اس وقت پیش آیا جب چلتی موٹر سائیکل کی چین میں خاتون کا برقعہ لپٹ گیا، جس کے باعث وہ سڑک پر گر گئیں۔ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔دوسری جانب کراچی کے علاقے شاہ فیصل کالونی ایک بھائی نے چھریوں کے وار کرکے اپنے ہی بھائی کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔پولیس کے مطابق یہ واقعہ شاہ فیصل کالونی نمبر 4 میں پیش آیا۔ابتدائی تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ کسی بات پر تلخ کلامی ہونے پر ایک بھائی نے دوسرے پر چھری سے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہوگیا۔واقعے کے بعد ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا جس کی تلاش کے لیے پولیس چھاپے مار رہی ہے۔ پولیس نے مقتول کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لیے جناح اسپتال منتقل کردیا ہے۔معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔یاد رہے کہ اس سے قبل شاہ لطیف ٹاون اسماعیل گوٹھ میں گھر میں بھائیوں کے درمیان جھگڑے میں چھوٹے بھائی نے چھری کے وار سے بڑے بھائی کو قتل کردیا تھا، پولیس نے بتایا کہ ملزم مزمل کو گرفتار کرکے آلہ قتل برآمد کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 15

شاہین فورس کے جوانوں نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب شہید ملت روڈ ہل پارک باغ بہار شادی ہال کے قریب دوران چیکنگ مبینہ مقابلے میں ایک ڈاکو کو ہلاک کر دیا، جس کی لاش قانونی کارروائی کے لیے جناح اسپتال منتقل کی گئی۔ایس ایچ او فیروزآباد انسپکٹر عدیل افضال کے مطابق مارے جانے والے ڈاکو کی شناخت 35 سالہ عثمان عرف نورالبشیر عرف عثمان بنگالی ولد ابوالکلام کے نام سے کی گئی ہے، جبکہ اس کا ایک ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم کے قبضے سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فون، کیش رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی ہے، جبکہ اس کے سابقہ ریکارڈ کے حصول اور فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ادھر سپر مارکیٹ پولیس نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب لیاقت آباد چونا ڈپو ندی کنارے کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جنہیں طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ترجمان کراچی پولیس کے مطابق گرفتار ڈاکوؤں کی شناخت 24 سالہ صدام حسین ولد شاہ جہاں اور 22 سالہ عمران ولد جہانگیر کے ناموں سے کی گئی ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے 2 پستولیں بمعہ گولیاں، موبائل فون، کیش رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی۔شریف آباد پولیس نے بھی بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب ایف سی ایریا ریلوے لائن کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کیا۔زخمی ملزمان کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ترجمان کراچی پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت 45 سالہ اعجاز ولد سید حسن اور 42 سالہ محمد عدنان ولد محمد انور کے ناموں سے کی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 2 پستولیں بمعہ گولیاں، موبائل فونز، کیش رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ادھر مبینہ ٹاون پولیس نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب یونیورسٹی روڈ سماما پل کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔زخمی ملزم کو ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔پولیس کے مطابق زخمی ہونے والے ڈاکو کی شناخت 40 سالہ نادر ولد غلام حیدر کے نام سے کی گئی ہے، جس کے قبضے سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فون اور کیش رقم برآمد کی گئی۔جبکہ کراچی کے علاقے اختر کالونی کے علاقے میں دن دھاڑے لاکھوں مالیت کی موٹر سائیکل چوری کی واردات کی سی سی ٹی وی منظر عام پر آ گئی۔فوٹیج میں ایک شخص کو چند منٹوں میں موٹر سائیکل کو چوری کرکے لے جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔چوری کی واردات کے دوران گلی سے گزرتا ایک نوجوان ملزم کے پاس آتا ہے لیکن ملزم کا ساتھی اسلحے کے زور پر نوجوان کو پیچھے ہٹا دیتا ہے۔ملزمان چند منٹوں کے دوران موٹر سائیکل لے کر فرار ہوجاتے ہیں، واردات صبح سویرے پیش آئی۔

بقیہ 16

زیادہ تواتر کے ساتھ، زیادہ شدت اور طویل دورانیے کے لیے آ رہی ہیں، جو فصلوں، مال مویشی، ماہی گیری اور جنگلات کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ایف اے او میں موسمیاتی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع اور ماحولیات کے شعبے کے ڈائریکٹر کاوہ زاہدی کا کہنا ہے کہ شدید گرمی اس نقشے کو دوبارہ ترتیب دے رہی ہے کہ کسان، ماہی گیر اور جنگلات میں کام کرنے والے مزدور کیا اور کب کاشت کر سکتے ہیں۔ بلکہ بعض صورتوں میں تو یہ اس بات کا تعین بھی کر رہی ہے کہ آیا وہ اب کام جاری رکھ بھی سکتے ہیں یا نہیں۔انہوں نے خبر رساں ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا بنیادی طور پر یہ رپورٹ ہمیں بتا رہی ہے کہ ہم ایک انتہائی غیر یقینی مستقبل کی طرف بڑھ رہے ہیں۔موسمیات سے متعلق حالیہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ عالمی درجہ حرارت میں اضافے کی رفتار تیز ہو رہی ہے اور سال 2025 اب تک کے گرم ترین تین سالوں میں شامل ہو چکا ہے، جس کے نتیجے میں شدید موسمی واقعات پہلے سے زیادہ کثرت اور شدت کے ساتھ رونما ہو رہے ہیں۔شدید گرمی خطرات کی سنگینی میں اضافہ کر دیتی ہے، کیونکہ اس سے خشک سالی، جنگلات کی آگ اور کیڑوں کے حملوں میں اضافہ ہوتا ہے، جبکہ درجہ حرارت کی مخصوص حد پار ہوتے ہی فصلوں کی پیداوار میں شدید کمی واقع ہو جاتی ہے۔رپورٹ میں ذکر کیا گیا ہے کہ درجہ حرارت میں بہت زیادہ اضافہ اس حفاظتی حد کو کم کر دیتا ہے جس پر پودوں، جانوروں اور انسانوں کے کام کرنے کا دارومدار ہوتا ہے، کیونکہ درجہ حرارت 30 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کرنے پر زیادہ تر اہم فصلوں کی پیداوار کم ہو جاتی ہے۔زاہدی نے اس کی مثال مراکش سے دی، جہاں چھ سالہ خشک سالی کے بعد گرمی کی بے مثال لہریں آئیں۔انہوں نے کہا اس کی وجہ سے اناج کی فصل میں 40 فی صد سے زائد کمی واقع ہوئی، جبکہ زیتون اور مالٹے کی فصلیں بھی تباہ ہو گئیں۔سمندروں میں بھی گرمی کی لہریں بڑھ رہی ہیں، جس سے پانی میں آکسیجن کی سطح کم ہو رہی ہے اور مچھلیوں کے ذخائر کو خطرہ لاحق ہے۔رپورٹ کے مطابق 2024 میں دنیا کے 91 فی صد سمندروں نے کم از کم ایک بار بحری گرمی کی لہر کا سامنا کیا۔عالمی درجہ حرارت میں اضافے کے ساتھ ساتھ یہ خطرات تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ درجہ حرارت میں 1.5 ڈگری کے مقابلے میں 2 ڈگری اضافے پر شدید گرمی کے واقعات کی شدت تقریبا دوگنا ہونے کا خدشہ ہے، جبکہ 3 ڈگری اضافے پر یہ شدت چار گنا بڑھ جائے گی۔زاہدی کا کہنا تھا کہ عالمی اوسط درجہ حرارت میں ہر ایک ڈگری کا اضافہ دنیا کی چار اہم فصلوں یعنی مکئی، چاول، سویابین اور گندم کی پیداوار میں تقریبا چھ فی صد کمی کا باعث بنتا ہے۔دونوں تنظیموں نے خبردار کیا ہے کہ جزوی اقدامات کافی نہیں ہیں۔انہوں نے خطرات کے بہتر انتظام اور موسم کے بارے میں قبل از وقت اطلاع دینے والے نظاموں کی بہتری پر زور دیا ہے تاکہ کسانوں اور ماہی گیروں کو حفاظتی اقدامات کرنے میں مدد مل سکے۔زاہدی نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا اگر آپ کسانوں تک متعلقہ معلومات پہنچانے میں کامیاب ہو جائیں، تو وہ اپنی بوائی کے وقت، فصل کی قسم اور کٹائی کے وقت میں تبدیلی کر کے حالات کے مطابق ڈھل سکتے ہیں۔تاہم رپورٹ میں اس بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ صرف حالات کے مطابق ڈھل جانا ہی کافی نہیں ہے، بلکہ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ شدید گرمی کے بڑھتے ہوئے خطرے کا واحد مستقل حل موسمیاتی تبدیلیوں کو روکنے کے لیے پرعزم اور مربوط اقدامات میں مضمر ہے۔

بقیہ 17

میاں فاروق نذیر بھی شریک تھے۔کمیٹی کے ساتھ ایک تعمیری اور بامقصد مذاکرے کے دوران پاکستان نے تشدد کی روک تھام کے حوالے سے اپنی پیش رفت پیش کی اور ہر قسم کے تشدد کے خاتمے کے لیے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔وفد نے اہم قانونی و پالیسی اصلاحات، ادارہ جاتی احتسابی طریقہ کار کی مضبوطی اور انسانی وقار کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔پاکستان نے اپنی بین الاقوامی انسانی حقوق کی ذمہ داریوں کو مکمل طور پر نبھانے کے عزم پر زور دیا اور اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے اداروں اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مسلسل تعاون کے عزم کو دہرایا۔وفد نے اس بات پر زور دیا کہ یہ جاری کوششیں قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔کمیٹی کے ارکان نے پاکستانی وفد سے صنفی بنیاد پر تشدد، دورانِ حراست تشدد، فوجی عدالتوں، حراستی مراکز میں سہولیات اور جیلوں میں گنجائش سے زیادہ قیدیوں سمیت دیگر موضوعات پر مختلف سوالات کیے۔ پاکستانی وفد نے ریاست کے مختلف اداروں کی جانب سے اٹھائے گئے قانونی، انتظامی اور پالیسی اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان سوالات کے جوابات دیے۔ جائزے کی تکمیل کے بعد، اقوام متحدہ کی انسدادِ تشدد کمیٹی پاکستان میں انسانی حقوق کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی حتمی سفارشات جاری کرے گی۔

بقیہ 18

آئی وی کے 2108 کیسز سامنے آچکے ہیں، جس کے بعد ڈریپ نے ملک بھر میں ممنوعہ سرنجز کے خلاف مارکیٹ سروے شروع کرنے کی ہدایت کی ہے۔وفاقی حکام نے بتایا کہ پاکستان میں 2 اور 5 ملی لیٹر روایتی ڈسپوزیبل سرنجز پر پابندی برقرار ہے، 31 جولائی 2021 سے روایتی ڈسپوزیبل سرنجز کی درآمد اور تیاری پر مکمل پابندی برقرار ہے جب کہ اب 10 ملی لیٹر سرنجز کے ممکنہ غلط استعمال پر پابندی لگانے پر بھی غور شروع کیا گیا۔حکام کے مطابق ڈریپ کی نیشنل ٹاسک فورس کو ملک گیر سروے اور خلاف ورزیوں کی نشاندہی کا ٹاسک دیا گیا ہے۔ڈریپ کے مطابق میڈیکل ڈیوائسز بورڈ روایتی سرنجز کی تمام رجسٹریشنز منسوخ کرچکا ہے، ڈریپ نے بازار میں غیر قانونی سرنجز کی فروخت پر سخت کارروائی کا حکم دیا ہے اور تمام صوبائی ڈرگ کنٹرول اداروں کو فوری اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے سروے رپورٹ 27 اپریل تک ڈریپ کو جمع کرانے کی ڈیڈلائن دی ہے۔

بقیہ 19

ترسیل جاری رہی، ملک کے زیادہ نقصانات والے فیڈرز پر پالیسی کے مطابق اکنامک لوڈ مینجمنٹ جاری رہے گی۔ترجمان کے مطابق اکنامک لوڈ مینجمنٹ کا پیک ٹائم لوڈ مینجمنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے، ایل این جی کی دستیابی سے پیک ٹائم لوڈ مینجمنٹ بھی ختم ہو جائے گی، ایل این جی کی عدم دستیابی کے بدولت 5500 میگاواٹ کے پاور پلانٹس سے بجلی پیدا نہیں ہو رہی۔انہوں نے کہا کہ رات کے اوقات میں بجلی کے استعمال میں بچت کے اصولوں کو اپنانے کی ضرورت ہے تاکہ بڑھتی ڈیمانڈ کو بہتر طریقے سے مینج کیا جائے، عالمی حالات اور پانی کی کم طلب کی بدولت رات کے اوقات میں شارٹ فال کا سامنا ہوتا ہے۔

بقیہ 20

حادثے کا شکار ہونے والی سوزوکی کراچی سے دریجی جا رہی تھی کہ منزل کے قریب پہنچتے ہی حادثے کا شکار ہوگئی۔جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کا تعلق جمالی برادری سے بتایا جاتا ہے اور وہ دریجی کے ہی رہائشی تھے۔ہسپتال انتظامیہ کے مطابق زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے، جبکہ ضروری کارروائی کے بعد میت کو ورثا کے حوالے کردیا جائے گا۔

بقیہ 21

غربت کم کرنے کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔عالمی بینک نے لاکھوں نوجوانوں کو نوکریاں نہ ملنے کا خدشہ ظاہر کردیا، اجلاس میں بتایا گیا کہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی آبادی کیلئے نوکریوں کے مواقع مزید کم ہونیکا امکان ہے، ترقی پزیر ممالک میں روزگار پیدا کرنے کو اولین ترجیح قرار دیا، ترقی پذیر ممالک میں اگلے 10 سے 15 سال میں 1.2 ارب نوجوان روزگار کے قابل ہوں گے۔عالمی بینک کی جانب سے رکن ممالک کیلئے 80 سے 100 ارب ڈالر تک امداد متوقع ہے، عالمی بینک نے فوری ریلیف اور طویل مدتی معاشی اصلاحات جاری رکھنے پر زور دیا، رکن ملکوں میں نجی سرمایہ کاری بڑھانے کو ترقی کی کنجی قرار دیا گیا۔عالمی بینک نے روزگار بڑھانے کے 5 اہم شعبوں کی نشاندہی کردی، توانائی اور انفرااسٹرکچر کے منصوبے روزگار کے لیے اہم قرار دیئے گئے، سیاحت کے فروغ سے معیشت اور روزگار میں اضافہ ممکن ہے، زراعت اور ایگری بزنس میں نوکریوں کے بڑے مواقع موجود ہیں، صحت کا شعبہ بھی روزگار پیدا کرنے میں اہم ہے۔

بقیہ 22

کے مطابق تقریب خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی، جہاں مہمانوں کے ساتھ باہمی دلچسپی کے امور پر بامعنی گفتگو کا تبادلہ خیال ہوا۔اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون تنظیم سارک کے فعال اور مؤثر کردار کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ خطے اور دنیا کو درپیش موجودہ چیلنجز کے پیش نظر ایسے علاقائی فورمز کو مزید متحرک ہونا ہوگا تاکہ امن، استحکام اور تعاون کو فروغ دیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی کشیدگی، خصوصاً امریکا اور ایران کے درمیان تناؤ، ایک سنجیدہ مسئلہ ہے اور اس ضمن میں سارک کو بھی اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ دنیا اس وقت امن کی متلاشی ہے اور پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت عالمی سطح پر قیامِ امن کے لیے بھرپور کاوشیں کر رہی ہے۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کی کوششوں کے نتیجے میں نہ صرف جنگ بندی ممکن ہوئی بلکہ امریکا اور ایران کو طویل عرصے بعد مذاکرات کی میز پر لانے میں بھی پیش رفت ہوئی ہے، اور امید ہے کہ یہ عمل خطے میں پائیدار امن کے قیام میں معاون ثابت ہوگا۔انہوں نے سارک رکن ممالک پر زور دیا کہ وہ ان نازک حالات میں پاکستان کی کاوشوں کا ساتھ دیں اور علاقائی و عالمی امن کے قیام کے لیے مشترکہ حکمت عملی اپنائیں۔انہوں نے کہا کہ 2016 کے بعد سے تعطل کا شکار سارک عمل کو دوبارہ فعال بنانے کی اشد ضرورت ہے اس ضمن میں انہوں نے رکن ممالک، خصوصاً بھارت، پر زور دیا کہ وہ ہٹ دھرمی اور کشیدگی کی پالیسیوں سے گریز کرتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے مثبت کردار ادا کریں۔مہمانوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ باہمی روابط اور ایسے مواقع علاقائی تعاون کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 23

کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں جہاں معلومات تک رسائی پہلے سے کہیں زیادہ آسان ہوچکی ہے، وہیں معیاری مطالعہ کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔کتاب انسان میں تنقیدی سوچ اور تخلیقی اور بہتر فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو فروغ دیتی ہے، جو ایک باشعور اور ذمہ دار معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہیں۔وزیر مملکت نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان نسل میں مطالعہ کے رجحان کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس مقصد کے لیے معیاری کتب تک رسائی، لائبریریوں کے فروغ اور تعلیمی وسائل کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ طلبہ کو ایک مثبت اور علم دوست ماحول میسر آسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت خواندگی کے فروغ، علم تک آسان رسائی اور کتاب دوستی کے کلچر کو مضبوط بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے قوم بالخصوص نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ مطالعہ کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں اور پاکستان کو ایک علم پر مبنی، ترقی یافتہ اور روشن خیال معاشرہ بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 24

بڑھتی ہوئی شمولیت اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ عوام ملک کی تعمیر و ترقی، سیاسی استحکام اور خدمتِ خلق کے اس بیانیے پر بھرپور اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں، جس کی بنیاد خلوصِ نیت، مؤثر کارکردگی اور عوامی فلاح پر استوار ہے۔انہوں نے کہا کہ چوہدری اختر میو جیسے بااثر، متحرک اور عوامی رابطوں میں مضبوط سیاسی رہنماؤں کی شمولیت نہ صرف جماعت کو مزید مضبوط بنائے گی بلکہ حلقہ پی پی 154 لاہور میں جاری ترقیاتی عمل کو بھی نئی رفتار اور سمت فراہم کرے گی۔سردار ایاز صادق نے کہا کہ مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے عوامی نمائندوں کا مسلم لیگ (ن) میں شامل ہونا اس حقیقت کا مظہر ہے کہ پارٹی کی عوامی خدمت، ترقیاتی اقدامات اور فلاحی منصوبے عوام کے دلوں میں جگہ بنا چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب بھی مسلم لیگ (ن) کو ملک کی باگ ڈور سنبھالنے کا موقع ملا، اس نے عوامی اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ملک بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا اور معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے۔انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں ترقی کا سفر تیزی سے جاری ہے اور صوبہ دن دگنی اور رات چگنی ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔اسپیکر قومی اسمبلی نے چوہدری اختر میو کی شمولیت کو نیک شگون قرار دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ اپنی سیاسی بصیرت، عوامی خدمت کے جذبے اور مضبوط عوامی روابط کو بروئے کار لاتے ہوئے پارٹی کے منشور کو گھر گھر تک پہنچائیں گے اور علاقے کے عوام کے مسائل کے حل میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔اس موقع پر چوہدری اختر میو نے پاکستان مسلم لیگ (ن) میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے اپنے خطاب میں سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف، وزیر اعظم میاں شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا ان کا فیصلہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے، ترقی کے تسلسل کو برقرار رکھنے اور عوامی خدمت کے عملی وژن کو آگے بڑھانے کے عزم کا مظہر ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ قیادت نے جس دانشمندی اور عزم کے ساتھ ملک کو مشکلات سے نکالنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں، وہ قابل تحسین ہیں اور انہی عوامل نے انہیں یہ فیصلہ کرنے پر آمادہ کیا۔شمولیتی تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی غلام حبیب اعوان، آصف امین نمبردار، آزاد گجر، حاجی سجاد، عابد حسین سمیت دیگر معزز مقامی عمائدین، پارٹی رہنما اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔شرکاء نے چوہدری اختر میو کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کو حلقے کی سیاست میں ایک مثبت، مؤثر اور فیصلہ کن پیش رفت قرار دیا۔

بقیہ 25

انہیں حاصل ہے اور وفاقی حکومت نے صوبے کی ترقی کیلئے خطیر فنڈز فراہم کئے ہیں جس سے صوبے کے طول و عرض میں اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض اراکین اسمبلی وزیراعلیٰ پر اپنے ناجائز کاموں کیلئے دباؤ ڈالنے کی کوشش کرتے رہے ہیں جب انکے ناجائز کام نہیں ہوتے تو وہ میر سرفراز بگٹی کو عہدے سے ہٹانے کا سوشہ چھوڑ دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے اراکین اسمبلی نے گزشتہ دنوں صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کرکے وزیراعلیٰ کو ہٹانے کیلئے کہا لیکن صدر مملکت نے بھی انکا یہ مطالبہ ماننے سے انکار کیا اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے جس سے ان اراکین اسمبلی کو مایوسی کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی ،حاجی نور محمد دمڑ، نوابزادہ زرین خان مگسی ،حاجی محمد خان لہڑی اور دیگر محنتی اور قابل مدبر ملے ہیں جو عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان اڑھائی اڑھائی سال حکومت کا معاہدہ ہوا تھا جس کے مطابق اگست تک میر سرفراز بگٹی کی بلوچستان کے وزیراعلیٰ رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی بھر پور حمایت جاری رکھے گی۔

بقیہ 26

زخمی ہو گیا، جسے فوری طبی امداد کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔دوسری جانب، پولیس ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ نامعلوم مسلح افراد نے کچھی پولیس پر حملہ کیا اور ایک اہلکار کو اغوا کر کے ساتھ لے گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں صورتحال کشیدہ ہو گئی ہے، جس پر قابو پانے اور مغوی اہلکار کی بازیابی کے لیے پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری نے کچھی کی حدود میں بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کردیا ہے۔شاہراہ پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 27

(ATF) کا ایک اہلکار زخمی ہوگیا۔فائرنگ کے اس تبادلے میں ملزمان کی اپنی ہی گولیوں کی زد میں آ کر ان کا ایک ساتھی ہلاک ہوگیا، جس کی شناخت تاحال نہیں ہوسکی ہے۔پولیس نے کامیاب کارروائی کے دوران دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے، جن کی شناخت زین الدین ولد کجھور خان لونی اور عتیق ولد حاجی غلام لونی کے ناموں سے ہوئی ہے۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ چھاپے کے دوران فائرنگ کرنے والے دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے کی ناکہ بندی کردی گئی ہے۔زخمی اہلکار کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جبکہ ہلاک ہونے والے شخص کی لاش کو ضروری قانونی کارروائی کے لیے تحویل میں لے لیا گیا ہے۔

بقیہ 28

ادارے اور کاروباری مراکز بند رہیں گے تاکہ مزدور طبقے کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جا سکے۔جاری نوٹیفکیشن کے مطابق یہ تعطیل ملک بھر میں یکساں طور پر نافذ العمل ہوگی، جس سے شہریوں کو ایک طویل ویک اینڈ میسر آئے گا، یکم مئی جمعہ کو ہونے کے باعث اس کے ساتھ ہفتہ اور اتوار کی معمول کی چھٹیاں بھی شامل ہو جائیں گی، یوں عوام کو مسلسل تین روز آرام اور تفریح کا موقع ملے گا۔واضح رہے کہ یوم مزدور ہر سال پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جاتا ہے، جس کا مقصد محنت کش طبقے کی جدوجہد، قربانیوں اور معاشی ترقی میں ان کے کردار کو اجاگر کرنا ہے۔اس دن مختلف تقاریب، سیمینارز اور ریلیوں کا انعقاد کیا جاتا ہے، جن میں مزدوروں کے حقوق، بہتر اجرت اور فلاح و بہبود کے اقدامات پر زور دیا جاتا ہے۔معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ اس دن کی اہمیت صرف تعطیل تک محدود نہیں بلکہ یہ معاشرے کو یاد دلاتا ہے کہ ترقی کا پہیہ چلانے میں مزدور طبقے کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔حکومت کی جانب سے چھٹی کا اعلان اسی اعتراف کی ایک علامت ہے، جو محنت کشوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار بھی ہے۔

بقیہ 29

ہے، سروے کے مطابق موجودہ کاروباری صورتحال، مستقبل کے امکانات اور ملکی معاشی سمت سے متعلق تمام اہم اشاریے منفی ہیں، صرف 41 فیصد کاروباری اداروں نے اپنے موجودہ آپریشنز کو 'اچھا' یا 'بہت اچھا' قرار دیا، جو گزشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں 13 فیصد کم ہے، جبکہ مجموعی مثبت رجحان میں 27 فیصد کی ریکارڈ کی گئی ہے جو گزشتہ سہ ماہی کے مثبت رجحان کے مقابلہ میں مایوسی کی عکاسی ہے۔ کاروبارے ادارے مستقبل کے بارے میں زیادہ مایوسی کا شکار ہیں اور 57 فیصد کاروباری اداروں نے مستقبل کے بارے میں منفی خدشات کا اظہار کیا ہے جبکہ صرف 43 فیصد نے مستقبل میں حالات کے بہتر ہونے کی امید کا اظہار کیا ہے، مستقبل کے خالص کاروباری اعتماد کا اسکور گزشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں 25 فیصد کم ہوگیا ہے جو بڑھتی ہوئی غیر یقینی صورتحال اور کاروباری سرگرمیوں میں سست روی کی نشاندہی ہے۔ملک کی مجموعی سمت کے بارے میں کاروباری اداروں کا اعتماد گزشتہ سہ ماہی کے منفی 8 فیصد کے مقابلہ میں بڑھ کر منفی 32 ہوگیا ہے۔سروے کے مطابق کاروباری جذبات واضح طور پر منفی زون میں داخل ہوچکے ہیں جو معاشی رجحان کے حوالے سے کاروباری طبقے میں بڑھتی ہوئی مایوسی کی عکاسی ہیں۔اسٹرکچرل چیلنجز نجی شعبے پر بدستور دباؤ ڈال رہے ہیں، 37 فیصد کاروباری اداروں نے مہنگائی کو سب سے بڑا مسئلہ قرار دیا ہے جبکہ 25 فیصد نے ایندھن اور پٹرول کی قیمتوں کو اہم چیلنج بتایا جو بڑھتی ہوئی لاگت کے دباؤ کا اظہار ہے۔توانائی کی عدم دستیابی بھی ایک سنگین مسئلہ ہے اور 57 فیصد کاروباری اداروں نے لوڈشیڈنگ کی شکایت کی، جو گزشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں 15 فیصد زیادہ ہے۔بڑھتی ہوئی لاگت کاروباری اداروں کے لیے سب سے بڑا آپریشنل خطرہ ہے اور 62 فیصد شرکاء نے مہنگائی اور پیداواری لاگت کو اہم ترین مسئلہ قرار دیا ہے۔معاشی نظم ونسق پر اعتماد میں بھی کمی آئی ہے اور 46 فیصد شرکاء نے حکومتی کارکردگی میں خرابی کی نشاندہی کی، جبکہ صرف 33 فیصد نے بہتری کی رائے دی۔سروے میں علاقائی صورتحال، خصوصاً مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے اثرات کو بھی ملک کے کاروباری ماحول پر نمایاں طور پر اجاگر کیا گیا ہے، تقریباً 81 فیصد کاروباری اداروں نے اس کے منفی اثرات رپورٹ کیے، جن کی بنیادی وجہ توانائی اور ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ ہے۔تقریباً 58 فیصد اداروں نے توانائی کے اخراجات میں جبکہ 73 فیصد نے مجموعی لاگت میں اضافہ کی اطلاع دی ہے۔ مستقبل کے حوالے سے 76 فیصد کاروباری اداروں کا خیال ہے کہ اگر خطے میں غیر یقینی صورتحال برقرار رہی تو آئندہ تین ماہ میں حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔رپورٹ کے مطابق پاکستان کے کاروباری ماحول کو اس وقت داخلی معاشی دباؤ اور علاقائی و جغرافیائی کشیدگی کے باعث غیر یقینی صورتحال کا سامنا ہے۔اگرچہ بعض شعبے اب بھی ریزیلینس کا مظاہرہ کررہے ہیں تاہم مجموعی رجحان مستقبل قریب میں معیشت کے جمود کے خطرات کی نشاندہی کرتا ہے۔گیلپ پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بلال آئی گیلانی کے مطابق تمام بڑے اشاریوں میں بیک وقت کمی اس بات کی واضح علامت ہے کہ بیرونی لاگت کے دباؤ کے باعث کاروباری طبقے میں مایوسی بڑھ رہی ہے۔

بقیہ 30

نمائشی انداز دینا پارلیمانی نظام کی روح کے خلاف تھا۔انہوں نے کہا کہ عوام مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی کا شکار، حکومت تشہیری سرگرمیوں میں مصروف رہی۔انتخاب خان چمکنی نے کہا کہ عوامی مسائل چھوڑ کر نمائشی سیاست کا انجام سیاسی ناکامی نکلا۔انہوں نے کہا کہ ناکام تجربے نے ثابت کر دیا اسمبلی کا اصل مقام اسمبلی ہال ہے، آئندہ ایسے غیر سنجیدہ فیصلوں سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی اداروں کا احترام ہر جمہوری حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 31

اپریل کو منعقد کیا جائے گا۔میڈیا و مانیٹرنگ افسران کی تربیت 30 اپریل کو چیف کورٹ رجسٹری اسکردو میں ہوگی۔اسی طرح گلگت، دیامر، ہنزہ، نگر، غذر اور استور کے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی تربیت 3 مئی کو ہوگی جبکہ ریٹرننگ اور اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران کی تربیت 4 مئی کو رکھی گئی ہے۔میڈیا و مانیٹرنگ افسران کی آخری مرحلے کی تربیت 5 مئی کو جوڈیشل اکیڈمی گلگت میں ہوگی۔

بقیہ 32

میں مزید بتایا گیا کہ 26 اپریل کو سریاب گرڈ کے غازی، ہزارہ ٹاؤن اور مری آباد گرڈ کے عاصم آباد، گلستان روڈ، حالی روڈ سمیت انڈسٹریل گرڈ کے عاصم آباد اور بی ایم سی فیڈروں سے دن 11 تا سہ پہر 3 بجے بجلی معطل رہے گی۔

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. TheChief Officer District Council Dera Bugti Invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost	Tender Fee
1	TSE-2526041024523	Construction of Sewerage Line Killi Shaheed Wadera Fazal Khan Shambani.	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	28,100,000	1,500 PKR
2	TSE-2526041025793	Construction of Protection Band at Kahjoori Mandav Kund.	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	26,200,000	1,500 PKR
3	TSE-2526041024493	Drilling& Development of Bore with Solar System and Laying of 4000 PVC Pipe Line &2Nos of Pucca Talab Rasal Killi shaheed Jamal Shambani.	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	23,700,000	1,500 PKR
4	TSE-2526041025813	WSS with Solar System at Beeh Janoobi.	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	11,000,000	1,500 PKR
5	TSE-2526041026113	Construction of Protection Band at Seghari	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	10,000,000	1,500 PKR
6	TSE-2526041025893	Construction of Kacha Band at Killi Meer Muhammad Kukari	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	10,000,000	1,500 PKR
7	TSE-2526041025903	Drilling & Development of Bore with Solar Sysytem at Killi Mohammad Ali Meerkani Marrow Mura	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	8,000,000	1,500 PKR
8	TSE-2526041025923	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Haji Kareem Dad at Dasht Goran	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	7,500,000	1,500 PKR
9	TSE-2526041025933	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Habibullah Kunnarani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	7,500,000	1,500 PKR
10	TSE-2526041025943	Construction of Protection Band at Dilgowash Killi Hairan Nohakani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	5,000,000	1,500 PKR
11	TSE-2526041025953	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Waqas at Kohala	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	5,000,000	1,500 PKR
12	TSE-2526041025973	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Raza Muhammad	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	4,000,000	1,500 PKR
13	TSE-2526041025983	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Mirza Khan Lope Pingora	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
14	TSE-2526041026003	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Sanjar Shehakani at Lashkrani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
15	TSE-2526041026013	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Diam Khan Chuttani at Lope	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
16	TSE-2526041026023	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Asadullah Kiyazai at Pogani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
17	TSE-2526041026043	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Abdul Aziz Rahmlani at Lashkrarani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
18	TSE-2526041026053	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Jalali Rahmlani at Lashkrarani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
19	TSE-2526041026063	Drilling & Development of Bore withSolar Systemat Killi Praiz at Lashkrarani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
20	TSE-2526041026073	Construction of Boundary Wall for Government Primary School Killi Saif Karbur	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
21	TSE-2526041026103	Solarization for 2 Nos of Bore at Morrow	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,440,000	1,500 PKR
22	TSE-2526041026133	Drilling & Development of Bore at Kashi Gharbi Killi Mir Ahmed Siah Aaf Dera Bugti	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,000,000	1,500 PKR
23	TSE-2526041026153	Construction of Kacha Band at Choto Killi Zahid	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,000,000	1,500 PKR
24	TSE-2526041026163	ConstructionofProtectionBandatKilli ZiaullahLundkani at Seghari	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,000,000	1,500 PKR
25	TSE-2526041026183	Construction of Protection Band Killi Haji Goaran Teetal Kach	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	2,500,000	1,500 PKR
26	TSE-2526041026193	Drilling & Development of Bore Killi Haji Liaqat at Peer Kandagh Gazanigal	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	2,500,000	1,500 PKR
27	TSE-2526041026203	Construction of Kacha Band at Killi Kashmir Phelawagh	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	2,000,000	1,500 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-2526041024523, TSE- 2526041025793, TSE-2526041024493, TSE-2526041025813, TSE-2526041026113, TSE-2526041025893, TSE-2526041025903, TSE-2526041025923, TSE-2526041025933, TSE-2526041025943, TSE-2526041025953, TSE-2526041025973, TSE-2526041025983, TSE-2526041026003, TSE-2526041026013, TSE-2526041026023, TSE-2526041026043, TSE-2526041026053, TSE-2526041026063, TSE-2526041026073, TSE-2526041026103, TSE-2526041026133, TSE-2526041026153, TSE-2526041026163, TSE-2526041026183, TSE-2526041026193, TSE-2526041026203. **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Chief Officer District Council Dera Bugti
Phone no: 3331179888 **Email:** smengal102@gmail.com

Chief Officer
District Council Dera Bugti

AB No.1160/23-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan